## ☆...... ملنے کے پتے ......☆

خزینہ علم و ادب الکریم مارکیٹ اردو بازار، لاہور

مشتاق بک کارنر الکریم مارکیٹ اردو بازار، لاہور

اسلامی کتب خانہ، اردو بازار، لاہور

اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک راولپنڈی

احمد بک کارپوریشن کمیٹی چوک، اقبال روڈ، راولپنڈی

رحمٰن بک ہاؤس اُردو بازار، کراچی

علی سٹیشنرز، حیدری چوک، لالہ موسیٰ

مسٹر بکس سپر مارکیٹ اسلام آباد

مکتبہ ضیائیہ بوہڑ بازار، راولپنڈی

گڈ بکس شاپ صدر بازار، راولپنڈی

بختیار سنز قصہ خوانی بازار، پشاور

بنگش بکڈ پو اردو بازار، سیالکوٹ

ماڈرن بکڈ پو سیالکوٹ کینٹ

کھوکھر بکسٹال مسلم بازار، گجرات

بلال بکڈ پو، گجرات

کتاب مرکز امین پور بازار، فیصل آباد

کتب خانہ مقبول عام امین پور بازار، فیصل آباد

شریف سنز کارخانہ بازار، فیصل آباد

کارواں بک سنٹر، ملتان کینٹ

دارالکتاب کالج روڈ، لیہ

الیاس کتاب محل کچہری بازار، جڑانوالہ

ڈار برادرز تحصیل بازار، جہلم

جالندھر بکڈ پو، ڈسکہ

یونائیٹڈ بک ہاؤس، کچہری روڈ، منڈی بہاؤالدین

شمائلہ بک ایجنسی محلہ چوہدری پارک، ٹوبہ ٹیک سنگھ

میاں ندیم مین بازار، جہلم

اسلامی کتب خانہ، حافظ آباد

کارواں بک سنٹر، بہاولپور

گلیکسی بکس، خان آرکیڈ، کچہری روڈ، سرگودھا

النور بک کارنر محمدی پلازہ، میرپور آزاد کشمیر

مکتبہ قابل اردو بازار، لاہور

کتاب سرائے الحمد مارکیٹ اردو بازار، لاہور

فہیم بکڈ پو، راجپوت مارکیٹ اردو بازار، لاہور

کتاب گھر کمیٹی چوک، راولپنڈی

فضلی سنز اردو بازار، کراچی

ویلکم بک پورٹ اُردو بازار، کراچی

کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی

سعید بک بنک اسلام آباد

کیپٹل بکڈ پو، اردو بازار، راولپنڈی

سعید بک بنک، پشاور

یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار، پشاور

حافظ بک ایجنسی اقبال روڈ، سیالکوٹ

بک سنٹر اردو بازار، سیالکوٹ

پنجاب بکڈ پو سرکلر روڈ، گجرات

سلطان بک پیلس، گجرات

فائن بکس امین پور بازار، فیصل آباد

نیو مکتبہ دانش امین پور بازار، فیصل آباد

مقبول بک ایجنسی چوک پاک گیٹ، ملتان

الکریم نیوز ایجنسی، اوکاڑہ

چوہدری بکڈ پو مین بازار، دینہ

عمر بک سنٹر جی ٹی روڈ، سرائے عالمگیر

شکیل بکڈ پو، سمندری

مسلم بک لینڈ، بینک روڈ، مظفر آباد

نیو وہاڑی کتاب گھر، جناح روڈ، وہاڑی

حق پبلی کیشنز، چیٹر جی روڈ اردو بازار، لاہور

شاہد بک ڈپو، اگوکی سیالکوٹ فون: 3513872

خالد کتاب محل، سیالکوٹ روڈ، اگوکی

پاکستان بکڈ پو مین بازار، جلال پور جٹاں

جہلم بک کارنر، جہلم

منور بک ڈپو گجرات

Marfat.com

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ

# سبز گنبد کے سائے میں

بلبل مدینہ عاشق رسول ﷺ

## الحاج محمد اویس رضا قادری

کی پڑھی ہوئی مشہور نعتوں کا مجموعہ

مرتب

غلام مجتبیٰ قادری

علم و عرفان پبلشرز

34۔ اردو بازار، لاہور فون: 7352332-7232336

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

84274

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ............ | سبز گنبد کے سائے میں |
| مرتب | ............ | غلام مجتبیٰ قادری |
| ناشر | ............ | گلفراز احمد<br>علم و عرفان پبلشرز، لاہور |
| مطبع | ............ | زاہدہ نوید پرنٹرز، لاہور |
| سرورق | ............ | فضیل کیانی |
| کمپوزنگ | ............ | ظفر اقبال |
| نظر ثانی | ............ | غلام مصطفیٰ القادری |
| سن اشاعت | ............ | اگست 2009ء |
| ہدیہ | ............ | =/200 روپے |

## علم و عرفان پبلشرز

34۔ اردو بازار، لاہور فون: 7352332-7232336

## سیونتھ سکائی پبلیکیشنز

غزنی سٹریٹ الحمد مارکیٹ 40۔ اردو بازار، لاہور

فون: 7223584، موبائل 0300-4125230

Marfat.com

# انتساب!

حضرت سیّدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

اور

حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

کے صدقے

ماں جی کے نام

جن کی محبتوں، شفقتوں نے

مجھے زندگی سے روشناس کروایا

Marfat.com

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | | صفحہ |
|---|---|---|
| | حصہ اوّل | 13 |
| | حمدیہ کلام | |
| 1 | اللہ ہُو اللہ ہُو اللہ ہُو | 15 |
| 2 | اللہ اللہ ہُو اللہ اللہ ہُو | 16 |
| 3 | اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے | 18 |
| 4 | یا الٰہی ہر جگہ تیری عطاء کا ساتھ ہو | 19 |
| 5 | گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا | 21 |
| 6 | کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے | 23 |
| 7 | حسبی ربی جل اللہ | 24 |
| 8 | ذکر کلمہ شریف | 25 |
| 9 | اللہ کرم اللہ کرم اللہ اللہ | 26 |
| 10 | کہتی ہے یہ پھولوں کی ردا اللہ ہُو اللہ | 28 |


Marfat.com

حصہ دوم 29

## نعتیہ کلام


| | | |
|---|---|---|
| 1 | یا رسول اللہ ﷺ تیرے در کی فضاؤں کو سلام | 31 |
| 2 | اَلنّبِی صَلُّوْ عَلَیْہ یارسول اللہ ﷺ | 32 |
| 3 | نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا | 36 |
| 4 | وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں | 37 |
| 5 | وہ کمال حُسن حضور ہے کہ گماں نقص جہاں نہیں | 38 |
| 6 | میں مدینے چلا | 40 |
| 7 | در پہ بلاؤ مکی مدنی | 41 |
| 8 | پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا لایا ہوں | 42 |
| 9 | سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ | 43 |
| 10 | مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے | 44 |
| 11 | آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے | 45 |
| 12 | آمنہ بی بی کے گلشن میں آئی تازہ بہار | 58 |
| 13 | اے کاش پھر آجائے عطار مدینے میں | 59 |
| 14 | آج ہے جشن ولادت مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ | 61 |
| 15 | پیارا پیارا ہے مدینہ | 64 |
| 16 | پڑھ کہ سمجھو کیا ہے میم | 66 |
| 17 | تاجدارِ حرم ہو نگاہِ کرم | 69 |
| 18 | جب حسن تھا ان کا جلوہ نما | 70 |
| 19 | جس نے مدینہ جانا | 71 |
| 20 | بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ | 72 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 21 | نوری محفل پہ چادر تنی نور کی | 73 |
| 22 | جشن آمد رسول ﷺ | 75 |
| 23 | جشن ولادت کے موقع پر لگائے جانے والے دعوتِ اسلامی کے نعرے | 77 |
| 24 | سرور کہوں کے مالک و مولا کہوں تجھے | 81 |
| 25 | آسمان گر تیرے تلوؤں کا نظارا کرتا | 82 |
| 26 | حضور ﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے | 83 |
| 27 | تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہوگا | 84 |
| 28 | یہ کس شہنشاہ والا کی آمد ہے بولو مرحبا | 86 |
| 29 | تو شمع رسالت ہے عالم تیرا پروانہ | 89 |
| 30 | زائر کوئے جناں آہستہ چل | 90 |
| 31 | دھڑکنوں تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہوگا | 91 |
| 32 | جام الفت کا پلاؤ یا رسول اللہ ﷺ | 92 |
| 33 | اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا | 94 |
| 34 | گزر ہو جائے میرا بھی اگر مدینے | 95 |
| 35 | خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی | 96 |
| 36 | محبوب کی محفل کو محبوب سجاتے ہیں | 97 |
| 37 | بلالو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں | 98 |
| 38 | کوئی سلیقہ ہے آرزو کا | 99 |
| 39 | ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو | 100 |
| 40 | طیبہ کی یاد آئی ہے | 102 |
| 41 | الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ | 103 |
| 42 | چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے | 105 |
| 43 | آقا آقا بول بندے آقا آقا بول | 106 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 44 | پارے پارے پہ لکھا ہے | 108 |
| 45 | اے عرب کے تاجدار اھلاً و سہلاً مرحبا | 110 |
| 46 | یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گئے | 112 |
| 47 | خدا کا ذِکر کرے ذکرِ مصطفیٰ ﷺ نہ کرے | 116 |
| 48 | فراق مدینے میں دل رو رہا ہے | 117 |
| 49 | نہ کلیم کا تصور نہ خیالِ طور سینا | 120 |
| 50 | میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ | 121 |
| 51 | یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ میں کہتا رہا | 125 |
| 52 | نور والا آیا ہے | 126 |
| 53 | میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے | 131 |
| 54 | غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں | 133 |
| 55 | شاہ مدینہ شاہِ مدینہ | 135 |
| 56 | زمین و زماں تمہارے لیے | 136 |
| 57 | کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے یہ شیدا تیرا | 137 |
| 58 | کیونکر نہ ہو میرے دل میں چاہت رسول ﷺ کی | 138 |
| 59 | ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں | 139 |
| 60 | ایسا لگتا ہے مدینے وہ جلد بلوائیں گے | 140 |
| 61 | دھوم مچادو آمد کی آ گئے سرکار ﷺ | 141 |
| 62 | چھوڑ فکر دنیا کی چل مدینے چلتے ہیں | 143 |
| 63 | خوشا جھومتا جا رہا ہے سفینہ | 144 |
| 64 | سارے جگ نالوں لگ دیاں چنگیاں مدینے دیاں پاک گلیاں | 147 |
| 65 | سبز گنبد کے سائے میں گھر چاہیے | 148 |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 66 | تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے | 150 |
| 67 | عشق کے رنگ میں رنگ جائیں میرے یار | 151 |
| 68 | بولو یا نبی یا نبی یا نبی ﷺ | 153 |
| 69 | حضور ﷺ آ گئے ہیں | 155 |
| 70 | طلع البدر علینا | 156 |
| 71 | ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار کا مدینہ | 157 |
| 72 | وہ دن آئے گا اِک بار | 160 |
| 73 | رب محفلاں سجائیاں نیں سرکار واسطے | 162 |
| 74 | خوشیاں سبھی مناؤ سرکار آ گئے ہیں | 163 |
| 75 | مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا | 164 |
| | حصہ سوم | 167 |

## مناقب

| | | |
|---|---|---|
| 1 | میں تو پنجتن کا غلام ہوں | 169 |
| 2 | منقبت بحضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ | 171 |
| 3 | شاہ مرداں شیر یزداں | 173 |
| 4 | شکریہ آپ کا بغداد بلایا یا غوث | 174 |
| 5 | سلطان اولیاء کو ہمارا سلام | 176 |
| 6 | سیّد نے کربلا میں وعدے نبھا دیے | 178 |
| 7 | سرکار غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ | 179 |
| 8 | سلطان کربلا کو ہمارا سلام | 180 |
| 9 | سن لوائے پیروں کے پیر | 181 |
| 10 | جیئے شاہ نورانی | 182 |

Marfat.com

حصہ چہارم


| | | |
|---|---|---|
| | ## کلام و صَلوٰۃُ وَالسَّلامَ | 183 |
| 1 | کلام میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ | 185 |
| 2 | کلام حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ | 187 |
| 3 | مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام | 190 |
| 4 | کعبہ کے بدر الدجی تم پہ کروڑوں درود | 193 |
| 5 | یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک | 195 |
| 6 | صَلوٰۃُ وَالسَّلامَ | 197 |
| 7 | اے بیابانِ عرب تیری بہاروں کو سلام | 204 |


Marfat.com

## حصہ اوّل

# حمدیہ کلام

Marfat.com

Marfat.com

## اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

•

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو
اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

لا موجود الا اللہ لا مشہود الا اللہ
لا مقصود الا اللہ لا معبود الا اللہ

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

اللہ واحد و یکتا ہے ایک خدا بس تنہا ہے
کوئی نہ اس کا ہمتا ایک ہی سب کی سنتا ہے

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

جز میں وہ ہے کل میں وہ رنگ و بوئے گُل میں وہ
افکانِ بلبل میں وہ نغمات قلقل قلقل میں وہ

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

بلبل طوطی پروانہ ہر اِک اُس کا دِیوانہ
قمری اُس کا مستانہ مور چکور کا جانانہ

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

مولا دِل کا رنگ چھڑا قلب نوری پائے جلد
دِل کو کر دے س
آئینہ اس میں چمکے یہ کلمہ

اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو اَللّٰہ ہُو

لا الہ الا اللہ اٰمنا برسول اللہ

Marfat.com

# اللہ اللہ ہو اللہ اللہ ہو

اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو
وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا
ہمیں بھیک مانگنے کو ترا آستانہ بتایا
تجھے حمد ہے خدایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو
تمہیں حاکم برایا تمہیں قاسم عطایا
تمہیں شافع عطایا تمہیں دافع بلایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو
کوئی تم سا کون آیا
وہ کنوری پاک مریم وہ نفخت فیہ کا دم
ہے عجب نشانِ اعظم مگر آمنہ کا جایا
وہی سب سے افضل ہے
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو
یہی بولے سدرہ والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پائے کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو

Marfat.com

فاذا فرغت فانصب یہ ملا ہے تجھ کو منصب
جو گدا بن چکے اب اٹھو وقت بخشش آیا
کرو قسمت عطایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو

والی الا لہ فارغب کرو عرض سب کے مطلب
تمہیں کو تکتے ہیں سب کرو اُن پہ اپنا سایہ
بنو شافع خطایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو

ارے اے خدا کے بندو کوئی میرے دل کو ڈھونڈو
میرے پاس تھا ابھی تو ابھی کیا ہوا خدایا
نہ کوئی گیا نہ آیا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو

ہمیں اے رضا تیرے دِل کا پتہ چلا بہ مشکل
در روضہ کے مقابل وہ ہمیں نظر تو آیا
نہ پوچھ کیسا پایا
اَللہ اَللہ ہُو اَللہ اَللہ ہُو

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے

اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
اک پل نہ غافل ہوئیے صبح تے شام لیے
ہر شے دا خالق اللہ مالک تے رازق اللہ
اوہدی عبادت کر لیے اُس توں انعام لیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
مشکل نوں ٹالن والا سب نوں اوہ پالن والا
بن کے ہمیشہ اُس دے سچے غلام رہیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
نبیاں دا ناصر اللہ ولیاں دا رہبر اللہ
اللہ دے راہ تے مریے عالی مقام لیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
رب دے پیارے اُتے ہاں عربی لاڈلے اُتے
رج رج درود پڑھیے کملی نوں تھام لیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
دامن ولیاں دا پھڑیے اللہ نوں راضی کریئے
توحیدی میخانے وچوں بھر بھر کے جام لیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے
آکھاں امین آکھاں نال یقین آکھاں
قائم توحید اُتے زندگی تمام رہیے
اللہ دا نام لیے مولا دا نام لیے

Marfat.com

# یا الٰہی ہر جگہ تیری عطاء کا ساتھ ہو

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطاء کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہ مشکل کشاء کا ساتھ ہو

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیء دیدار حُسن مصطفیٰ ﷺ کا ساتھ ہو

یا الٰہی گور تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے منہ کی صبح جانفزا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب پڑے محشر میں شور دار و گیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحب کوثر شہ جودوعطاء کا ساتھ ہو

یا الٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشید حشر
سیّد بے سایہ کے ظل لوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی گرمی محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامن محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی نامہء اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوش خلق ستار خطاء کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب بہیں آنکھیں حساب جرم میں
ان تبسم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب حساب خندہ بے جا رُلائے
چشم گریان شفیع مرتجی کا ساتھ ہو

Marfat.com

یا الٰہی رنگ لائیں جب مری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب سر شمشیر پر چلنا پڑے
رب سلم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو

یا الٰہی جو دعائے نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب سے آمین ربنا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضاؔ خواب گراں سے سر اُٹھائے
دولت بیدار عشق مصطفیٰ ﷺ کا ساتھ ہو

Marfat.com

# گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا

گناہوں کی عادت چھڑا میرے مولا
مجھے نیک انسان بنا میرے مولا

میری سابقہ ہر خطاء میرے مولا
تو رحمت سے اپنی مٹا میرے مولا

تو قدرت سے اپنی بدل نیکیوں سے
ہر اک میری لغزش خطاء میرے مولا

مجھے استقامت تو ایماں پہ دے دے
بخیر ہو خاتمہ میرے مولا

ہو قدموں میں سرکار کے جب میرا سر
تو ایماں پہ اُس دم اُٹھا میرے مولا

تجھے تو خبر ہے میں کتنا بُرا ہوں
تو عیبوں کو میرے چھپا میرے مولا

تو لے گا اگر عدل سے کام اپنے
میں ہوں مستحق نار کا میرے مولا

تجھے واسطہ اپنی رحمت کا یا رب
جہنم سے مجھ کو بچا میرے مولا

جو رحمت تیری شامل حال ہو تو
ٹھکانہ ہے جنت مرا میرے مولا

تو مسجود میرا میں ساجد ہوں تیرا
تو مالک میں بندہ ترا میرے مولا

Marfat.com

تو مطلوب میرا میں طالب ہوں تیرا
مجھے دید دے اپنی میرے مولا

ہے فرمان قرآن میں تیرا
تو سن لے میری التجا میرے مولا

نہ محتاج کر تو جہاں میں کسی کا
مجھے مفلسی سے بچا میرے مولا

مجھے بھی دکھا دے تو جلوہ نبی ﷺ کا
یہی ہے میری التجا میرے مولا

جنہوں نے کہا ہے دعاؤں کا مجھ سے
تو کر دے سبھی کا بھلا میرے مولا

ہے کعبے پہ نظریں عبید رضا کی
ہو مقبول ہر اک دعا میرے مولا

(الحاج عبید رضا قادری)

84274

Marfat.com

# کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے

کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے، وہی خدا ہے
دکھائی بھی جو نہ دے نظر بھی جو آرہا ہے، وہی خدا ہے
تلاش اس کو نہ کر بتوں میں
وہ ہے بدلتی ہوئی رتوں میں
جو دن کو رات اور رات کو دن بنا رہا ہے، وہی خدا ہے
نظر بھی رکھے سماعتیں بھی
وہ جان لیتا ہے نیتیں بھی
جو خانہ لاشعور میں جگمگا رہا ہے، وہی خدا ہے
کسی کو تاج وقار بخشے
کسی کو ذلت کے غار بخشے
جو سب کے ماتھوں پہ مہر قدرت لگا رہا ہے، وہی خدا ہے
سفید اس کا سیاہ اس کا
نفس نفس ہے گواہ اس کا
جو شعلہ جاں جلا رہا ہے بجھا رہا ہے، وہی خدا ہے
کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے وہی خدا ہے

(مظفر وارثی)

Marfat.com

# حسبی ربی جل اللہ

حسبی ربی جل اللہ مافی قلبی غیر اللہ
نور محمد صل اللہ لا الہ الا اللہ

اوّل و آخر ہے اللہ ظاہر و باطن ہے اللہ
حافظ و ناصر ہے اللہ لا الہ الا اللہ

دیکھتے کیا ہو اہل صفا آپہنچے محبوبِ خدا
یعنی وہ ہو چکے جلوہ نما لا الہ الا اللہ

کون و مکاں میں ہے اللہ دونوں جہاں میں ہے اللہ
جسم و جاں میں ہے اللہ لا الہ الا اللہ

کھل جائیں در جنت کے دوزخ کی سب آگ بجھے
دل سے کوئی اک بار کہے لا الہ الا اللہ

عرض غلام فقیؔر ہے اب داخل رحمت ہوں ہم سب
ذکر قبول ہو یہ یا رب لا الہ الا اللہ

(غلام رسول فقیر قادریؔ)

Marfat.com

# ذکر کلمہ

پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ
الہیہ کلمہ کملی والے دا
آقا کالیاں زلفاں والے دا
نالے عرش تے جاون والے دا
پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ

الہیہ کلمہ نور و نور میاں
ہر مشکل کردا دور میاں
انہوں پڑھنا نال اوندا سرور میاں
پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ

پڑھ کلمہ شوق دے نال میاں
اینہوں پڑھیا آ وسنیں بلال رضی اللہ عنہ میاں
کلمہ پاک نبی دا کمال میاں
پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ

جدو کلمے دا ہویا نشان میاں
تا آدم سی نہ جہاں میاں
اینہوں پڑھیا خود رحمان میاں
پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ

اس کلمے دا کر اقرار میاں
نئیں زندگی دا کوئی اعتبار میاں
پالے پاک نبی نال پیار میاں
پڑھو لا الٰہ الا اللہ یا محمد پاک رسول اللہ

(بی بی سلطانہ)

Marfat.com

# اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ

اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ
حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم

دیتی ہے صدا یہ چشم نم
اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ

جن لوگوں پہ ہے انعام تیرا
ان لوگوں میں لکھ دے نام میرا

محشر میں رہ جائے بھرم
اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ

اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ
حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم

ہر سال طلب فرما مجھ کو
ہر سال یہ شہر دکھا مجھ کو

ہر سال کروں میں طواف حرم
اَللّٰہ کرم اَللّٰہ کرم اَللّٰہ اَللّٰہ

Marfat.com

اَللہ کرم اَللہ کرم اَللہ اَللہ
حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم

ہیبت سے ہر اک دل گم صم ہے
ہر آنکھ ندامت سے نم ہے

ہر چیز پہ ہے اشکوں سے رقم
اَللہ کرم اَللہ کرم اَللہ اَللہ

اَللہ کرم اَللہ کرم اَللہ اَللہ
حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم

میری آنے والی سب نسلیں
تیرے گھر آئیں تیرا در دیکھیں

اسباب ہوں ان کو ایسے بہم
اَللہ کرم اَللہ کرم اَللہ اَللہ

اَللہ کرم اَللہ کرم اَللہ اَللہ
حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم

Marfat.com

# کہتی ہے یہ پھولوں کی ردا اللہ ہو اللہ

کہتی ہے یہ پھولوں کی ردا اللہ ہو اللہ
اشجار کے پتوں نے پڑھا اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

بادل نے آسمان پہ لکھا اللہ ہو اللہ
پربت کی قطاروں کی ردا اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

ہو سورہ یٰسین کہ ہو سورۂ اخلاص
قرآن کے لفظوں کی صدا اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

خوشبو کرن اُجالے دھنک اور کہکشاں
ذکر میں رہے ارض و سماء اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

کرتا ہے ثناء تیری برستا ہوا پانی
دریا بھی ہیں مصروف ثناء اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

شبنم گری جو پھولوں پر پڑھتی ہوئی ثناء
بلبل نے یہ دیکھ کر کہا اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

جب نزع کے عالم ہو مولا یہ اُجاگر
ورد زباں ہو کر تیرا اللہ ہو اللہ
اللہ ہو اللہ اللہ ہو اللہ

Marfat.com

## حصہ دوم

# نعتیہ کلام

Marfat.com

Marfat.com

# یا رسول اللہ ﷺ تیرے در کی فضاؤں کو سلام

یا رسول اللہ تیرے در کی فضاؤں کو سلام
گنبد خضرا کی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طواف روضۂ اقدس کریں
مست و بے خود وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

جو مدینے کی گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبی ﷺ تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

کعبۂ کعبہ کے خوش منظر نظاروں پر درود
مسجد نبوی کی صبحوں اور شاموں کو سلام

جو پڑھا کرتے ہیں روز و شب تیرے دربار میں
پیش کرتا ہے ظہوری ان سلاموں کو سلام

(محمد علی ظہوری رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# اَلنَّبِیْ صَلُّو عَلَیْہ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ ﷺ

یا رسول اللہ ﷺ، یا رسول اللہ ﷺ
یا حبیب اللہ ﷺ، یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیْ صَلُّوْا عَلَیْہِ صَلَوَاتُ اللّٰہ عَلَیْہِ
وَیَنَالُ الْبَرکَاتُ کُلُّ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ

اَلنَّبِیْ یَا حَاضِرِیْنَّ اعْلَمُوْا عِلْمَ الْیَقِیْن
اَنَّ رَبَّ الْعَالَمِیْن فَرَضٰی صَلّٰی عَلَیْہِ

اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیْ صَلُّوْا عَلَیْہِ

کعبے کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پر کروڑوں درود
شافع روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود
دافع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیْ یَامَنْ حَضرُ النَّبِیْ خَیْرُ الْبَشَر
مَنْ لَّہٗ شَقُّ الْقَمر وَنَزِلُ سَلِّمْ عَلَیْہ

اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیْ صَلُّوْا عَلَیْہِ

دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کفِ پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لاجواب
نام ہوا مصطفیٰ ﷺ تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیُ ذَاکَ الْعُرُوْس ذِکْرَہُ یُحْیِ النُّفُوس
اَلنَّصار وَالْمَجُوْس اَسْلَمُوْ عَلٰی یَدَیْہ
اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہِ

بے ہنر و بے تمیز کس کو ہوئے ہیں عزیز
ایک تمہارے سوا تم پہ کروڑوں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ
سینہ کہ ہے داغ داغ کہہ دو کرے باغ باغ
طیبہ سے آکے صبا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَلنَّبِیَّ الْمُصْطَفٰی اِبْنُ زَمْ زَمْ وَصَفَا
مَنْ تَعَالٰی شَرُفَا کُلُّکُمْ صَلّٰی عَلَیْہِ
اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہِ

اَلنَّبِیَّ الْمُجْتَبٰی اَلنَّبِیُ سَاکِنُ قُبَا
حُبُّہ لِمَذْھَبَا رَبَّنَا صَلّٰی عَلَیْہِ
اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہِ

Marfat.com

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں سلام
تم پہ کروڑوں ثناء تم پہ کروڑوں درود
تم ہو جوُد و کریم تم ہو رؤف و رحیم
بھیک ہو داتا عطاء تم پہ کروڑوں درود
خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروڑوں درود
نافع و دافع ہو تم شافع و رافع ہو تم
تم سے بس افزوں خدا تم پہ کروڑوں درود
شافی و نافی ہو تم کافی و وافی ہو تم
درد کو کر دو دوا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ
بر سے کرم کی بھرن پھولے نعَمْ کے چمن
ایسی چلا دو ہوا تم پہ کروڑوں درود
کیوں کہوں بے کس ہوں میں کیوں کہوں بے بس ہوں میں
تمہی ہو تم، میں تم پر فدا تم پر کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہِ

اَلنَّبِیُ ذَاکَ الْمَلِیح قَوْلُہٗ قَوْلُہٗ صَحِیْح
وَالْقُرْاٰنُ شَیْءٌ فَصِیْح اَلَّذِیْ اُنْزِلَ عَلَیْہِ

اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ، اَللّٰہ،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْہِ

Marfat.com

کر کے سارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ
تم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود
ہم نے خطا میں نہ کی تم نے عطاء میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود
آنکھ عطاء کیجئے اس میں ضیاء دیجئے
جلوہ قریب آگیا تم پہ کروڑوں درود
کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروڑوں درود
یا رسول اللہ ﷺ یا حبیب اللہ ﷺ

وَالْحَسنُ اُمَّ الْحُسَیْنَ لِلنَّبِیُ رَیْحَانَتَیْنِ
فَاطِمَه قُرَّۃُ عَیْن جَدُّھُمْ صَلُّوْا عَلَیْهِ

اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه، اَللّٰه،
اَلنَّبِیُ صَلُّوْا عَلَیْهِ

یہ عبید ادنیٰ غلام تیرا خیر الانام
وقف مدحت کے لیے اس کی ہو عمر تمام

(الحاج عبید رضا)

# نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا

نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا
ساتھ ہی منشیِ رحمت کا قلمدان گیا

لے خبر جلد کہ غیروں کی طرف دھیان گیا
مرے مولا میرے آقا ترے قربان گیا

آہ وہ آنکھ کہ ناکام تمنا ہی رہی
ہائے وہ دل جو ترے در سے پر ارمان گیا

دل ہے وہ دل جو تیری یاد سے معمور رہا
سر ہے وہ سر جو ترے قدموں پہ قربان گیا

انہیں جانا اُنہیں مانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد میں دنیا سے مسلمان گیا

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو ترے در سے یار پھرتے ہیں
در بدر یوں ہی خوار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

ہر چراغ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

اُس گلی کا گدا ہوں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشتِ طیبہ کے خار پھرتے ہیں

کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ
تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں

بلغ العلیٰ بکماله
کشف الدجیٰ بجماله

حسنت جمیع خصاله
صلو علیه و آله

وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

صلو علیه و آله

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کس کو زبان نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں

صلو علیه و آله

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

صلو علیه و آله

تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زبان نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

صلو علیه و آله

وہی لا مکاں کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشین ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

صلو علیه و آله

Marfat.com

سرِ عرش پر ہے تری گزر، دلِ فرش پر ہے تری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شے نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

صلو علیہ وآلہ

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

صلو علیہ وآلہ

کروں مدح اہلِ دول رضؔا پڑے اس بلا میں مری بلا
میں گدا ہوں اپنے کریم کا مرا دین پارہء ناں نہیں

صلو علیہ وآلہ

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# میں مدینے چلا

میں مدینے چلا میں مدینے چلا
پھر کرم ہو گیا میں مدینے چلا
ساقیا مئے پلا، میں مدینے چلا
مست و بے خود بنا میں مدینے چلا
کیف سا چھا گیا میں مدینے چلا
جھومتا جھومتا میں مدینے چلا
کیا بتاؤں ملی دل کو کیسی خوشی
جب یہ مژدہ سنا میں مدینے چلا
پھر اجازت ملی جب خبر یہ سنی
دل میرا جھوم اُٹھا میں مدینے چلا
مسکرانے لگی دل کی ہر اک کلی
غنچہ دل کھلا میں مدینے چلا
اے شجرائے ہجر تم بھی شمس و قمر
دیکھو دیکھو ذرا میں مدینے چلا
میرے آقا کا دَر ہو گا پیشِ نظر
چاہیے اور کیا میں مدینے چلا

(محمد اویس عبید رضا)

Marfat.com

# در پہ بلاؤ مکی مدنی

در پہ بلاؤ مکی مدنی
بگڑی بناؤ مکی مدنی
دید تیری ہو عید میری
دید کراؤ آقا مکی مدنی

اپنے نواسوں کے صدقے میں
دکھڑے مٹاؤ مکی مدنی
گنبد خضرا کے سائے تلے
مجھ کو سلاؤ مکی مدنی

برسوں سے اکھیاں ترسی ہیں
جلوے دکھاؤ مکی مدنی
در پہ بلاؤ مکی مدنی
بگڑی بناؤ مکی مدنی

(حنیف اسعدی)

Marfat.com

# پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا لایا ہوں

پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا لایا ہوں
اپنی آنکھوں میں مدینے کو بسا لایا ہوں
دل بھی میرا ہے وہیں جان بھی میری ہے وہیں
لاش کو اپنی میں کندھوں پہ اٹھا لایا ہوں

سایہ گنبد خضرا میں ادا کر کے نماز
سر کو میں عرش کا ہم سایہ بنا لایا ہوں
جس نے چومے ہیں قدم سرورِ عالم کے
خاک طیبہ کو میں پلکوں میں سجا لایا ہوں

جان و دل وہاں رکھ کر امانت کی طرح
پھر جانے کے اسباب بنا لایا ہوں
پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا لایا ہوں
اپنی آنکھوں میں مدینہ بسا لایا ہوں

Marfat.com

# سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

اپنے مولا کا پیارا ہمارا نبی ﷺ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی ﷺ

بزمِ آخر کا شمع فروزاں ہوا
نورِ اوّل کا جلوہ ہمارا نبی ﷺ

جس کو شایاں ہے عرش خدا پر جلوس
ہے وہ سلطان والا ہمارا نبی ﷺ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی ﷺ

جن کے تلووٴں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رُسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے

مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے
مئے عشق بھی پلانا مدنی مدینے والے
میری آنکھ میں سمانا مدنی مدینے والے
بنے دل تیرا ٹھکانہ مدنی مدینے والے

تیری جب کہ دید ہو گی جبھی میری عید ہو گی
میرے خواب میں تم آنا مدنی مدینے والے
مجھے سب ستا رہے ہیں، میرا دل دکھا رہے ہیں
تم ہی حوصلہ بڑھانا مدنی مدینے والے

میرے سب عزیز چھوٹے سبھی یار بھی تو رُوٹھے
کہیں تم نہ رُوٹھ جانا مدنی مدینے والے
میں اگرچہ ہوں کمینہ تیرا ہوں شہہ مدینہ
مجھے سینے سے لگانا مدنی مدینے والے

یہ مریض مر رہا ہے تیرے ہاتھ میں شفا ہے
اے طبیب جلد آنا مدنی مدینے والے
تیری فرش پر حکومت، تیری عرش پر حکومت
تو شہنشاہ زمانہ مدنی مدینے والے

کبھی جو کی موٹی روٹی تو کبھی کھجور پانی
تیرا ایسا سادہ کھانا مدنی مدینے والے
مجھے آفتوں نے گھیرا ہے مصیبتوں کا ڈیرہ
یا نبی مدد کو آنا مدنی مدینے والے

(مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری)

Marfat.com

# آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہر آہ گئی عرش پہ یہ آہ کی قسمت
ہر اشک پہ اک خُلد ہے ہر اشک کی قیمت
تحفہ یہ ملا ہے مجھے سرکار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

شکرِ خدا کہ آج گھڑی اُس سفر کی ہے
جس پہ نثار جان و پناہ و ظفر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

گرمی ہے تپ ہے درد ہے الفت سفر کی ہے
نہ شکر یہ تو دیکھ عظمت کدھر کی ہے
لٹتے ہیں مارے جاتے ہیں یوں ہی سنا کے یہ

Marfat.com

ہر بار دی اُوں امن کے غیرت حضر کی ہے
ہم کو تو اپنے سائے میں آرام ہی سے لائے
حیلے بہانے والوں کو یہ راہ ڈر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ماہِ مدینہ اپنی تجلی عطاء کرے
یہ ڈھلتی چاندنی تو پگر دو پگر کی ہے
پیغام صبا لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

اسی کے طفیل حج بھی خدا نے کرا دیئے
اصل مُراد حاضری اُس پاک در کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

کعبے کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا
پوچھا تھا ہم سے جس نے کہ نزہت کدھر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

اُن پر درود جن کو حجر تک کرے سلام
اُن پر سلام جن کو تہنیت شجر کی ہے
اُن پر درود جس کو کسے بے کساں کہے
اُن پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے

جن بشر سلام کو حاضر ہیں السّلام
یہ بارگاہِ مالکِ جن و بشر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

شمس و قمر سلام کو حاضر ہیں السّلام
خوبی انہی کی جوت سے شمس و قمر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

سنگ و شجر سلام کو حاضر ہیں السّلام
کلمے سے تر زبان درخت و حجر کی ہے
سب بحر و بر سلام کو حاضر ہیں السّلام
تمہید انہی کے نام تو ہر بحر و بر کی ہے
عرضی و عصر سلام کو حاضر ہیں السّلام
ملجا یہ بارگاہ دُعا و عصر کی ہے

Marfat.com

شوریٰ دا سر سلام کو حاضر ہے السّلام
راحت انہی کے قدموں میں شوریٰ دا سر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

خستہ جگر سلام کو حاضر ہیں السّلام
مر کر بھی یہی خاک کو خستہ جگر کی ہے
سب خشک و تر سلام کو حاضر ہیں السّلام
یہ جلوہ گاہ مالک ہر خشک و تر کی ہے

سب کروں و بہر سلام کو حاضر ہیں السّلام
ٹوپی یہی تو خاک پہ ہر کر و فر کی ہے
اہل نظر سلام کو حاضر ہیں السّلام
یہ گردگی تو سرما سب پہلے نظر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

بھاتی نہیں ہمدم مجھے جنت کی جوانی
سنتا نہیں زاہد سے میں حوروں کی کہانی
الفت ہے مجھے سایہ دیوارِ نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

Marfat.com

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

یہ پیاری پیاری کیاری تیرے کونوں باغ کی
سر جس کی آب و تاب سے آتش سفر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

جنت میں آکے نار میں جاتا نہیں کوئی
شکر خدا نوید نجات و ظفر کی ہے
الفت ہے مجھے سایہ دیوارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

مومن ہوں مومنوں میں رہوں کل الرحیم ہوں
سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا نظر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

جن جن مرادوں کے لیے احباب نے کہا
پیش خبر کیا مجھے حاجت خبر کی ہے
آں کچھ سنا دے عشق کے بولوں میں اے رضا

Marfat.com

مشتاق کو کب لذت سوزش جگر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

بھینی سہانی صبح میں ٹھنڈک جگر کی ہے
کلیاں کھلیں دلوں کی ہوا یہ کدھر کی ہے
کھبتی ہوئی نظر میں ادا کس سحر کی ہے
چھبتی ہوئی جگر میں صدا کس گجر کی ہے

ڈالیں ہری ہری ہیں تو بالیں بھری بھری
کشتِ اَمل پری ہے یہ بارش کدھر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہم جائیں اور قدم سے لپٹ کر حرم کہے
سونپا خدا نے تجھ کو یہ عظمت سفر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

ہم گردِ کعبہ پھرتے تھے کل تک اور آج وہ
ہم پر نثار ہے یہ ارادت کدھر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

کالک جبیں کی سجدۂ در سے چھڑاؤ گے
مجھ کو بھی لے چلو یہ تمنا حجر کی ہے
ڈوبا ہوا ہے شوق میں زمزم اور آنکھ سے
جھالے برس رہے ہیں یہ حسرت کدھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

برسا کہ جانے والوں پہ گوہر کروں نثار
ابر کرم سے عرض یہ میزاب زر کی ہے

آغوشِ شوق کھولے ہے جن کے لیے حطیم
وہ پھر کے دیکھتے نہیں یہ دھن کدھر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

ہاں ہاں رہِ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے
واروں قدم قدم پہ کہ ہر دم ہے جانِ نو
یہ راہِ جاں فزا میرے مولیٰ کے در کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

ہر آہ گئی عرش پہ ہر آہ کی قسمت
ہر اشک پہ اک خلد ہے ہر اشک کی قیمت
تحفہ یہ ملا ہے مجھے سرکارِ نبی ﷺ سے

گھڑیاں گنی ہیں برسوں کی یہ شب گھڑی پھری
مرمر کے پھر یہ سل مرے سینے سے سرکی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اللہ اکبر اپنے قدم اور یہ خاکِ پاک
حسرت ملائکہ کو جہاں وضعِ سر کی ہے
معراج کا سماں ہے کہاں پہنچے زائرو!

Marfat.com

کرسی سے اونچی کرسی اسی پاک در کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

سعدین کا قرآن ہے پہلوئے ماہ میں
جھرمٹ کیے ہیں تارے تجلی قمر کی ہے
محبوب رب عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و عمر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

چھائے ملائکہ ہیں لگا تار ہے درود!
بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش اودھر کی ہے
ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگیِ زلف و آٹھوں پہر کی ہے
جو اک بار آئے، دوبارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

تڑپا کریں بدل کے پھر آنا کہاں نصیب
بے حکم کب مجال پرندے کو پر کی ہے

Marfat.com

اے وائے بے کسی یہ تمنا کہ اب امید
دن کو نہ شام کی ہے نہ شب کو سحر کی ہے

یہ بدلیاں نہ ہوں تو کروڑوں کی آس جائے
اور بارگاہِ مرحمتِ عام تر کی ہے
معصوموں کو ہے عمر ایک بار بار
عاصی پڑے رہیں تو صلا عمر بھر کی ہے

زندہ رہیں تو حاضری اے بارگاہ نصیب
مر جائیں تو حیات ابد عیش گھر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

کیوں تاجدارو! خواب میں دیکھی کبھی یہ شے
جو آج جھولیوں میں گدایانِ در کی ہے
طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہر شفاعت نگر کی ہے
عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو!
مکہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے

کعبہ ہے بے شک انجمن آرا دُلہن مگر
ساری بہار دلہنوں دولہا کے گھر کی ہے

Marfat.com

کعبہ دُلہن ہے تربتِ اطہر نئی دلہن
یہ رشکِ آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے
دونوں بنیں سجیلی انیلی بنی مگر
جو پی کے پاس ہے وہ سہاگن کنور کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اتنا عجب بلندی جنت پہ کس لیے
دیکھا نہیں کہ بھیک یہ کس اونچے گھر کی ہے
عرش بریں پہ کیوں نہ ہو فردوس کا دماغ
اتری ہوئی شبیہ ترے بام و در کی ہے
وہ خُلد جس میں اترے گی ابرار کی برات
ادنیٰ نچھاور اس مرے دولہا کے سر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

اُف بے حیائیاں کہ یہ منہ اور ترے حضور
ہاں تو کریم ہے تری خو درگزر کی ہے
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقعِ نظر کی ہے

Marfat.com

جاؤں کہاں پکاروں کسے کس کا منہ تکوں
کیا پرسشوں اور جا بھی سگ بے ہنر کی ہے
آیا ہے بلاوا مجھے دربارِ نبی ﷺ سے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

مجرم بلائیں آئیں ہیں جاؤ کہاں ہے گواہ
پھر رد ہو کب یہ شان کریموں کے در کی ہے

سرکار ہم گنواروں میں طرزِ ادب کہاں
ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے
لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے

مانگیں گے مانگے جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے
منگتے کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دوری قبول و عرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

Marfat.com

جنت نہ دیں، نہ دیں، تری محبت ہو خیر ہے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے
شربت نہ دیں، نہ دیں، تو کرے بات لطف سے
یہ شہد ہو تو پھر کسے پروا شکر کی ہے

سنکی وہ دیکھ بادِ شفاعت کہ دے ہوا
یہ آبرو رضا ترے دامانِ تر کی ہے
پیغام صباء لائی ہے گلزار نبی ﷺ سے
آیا ہے بلاوا مجھے دربار نبی ﷺ سے

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# آمنہ بی بی کے گلشن میں آئی ہے تازہ بہار

اللہ اللہ اللہ ہو لا الٰہ الا ہو
آمنہ بی بی کے گلشن میں آئی ہے تازہ بہار
پڑھتے ہیں صلی اللہ وسلم آج در و دیوار
نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الٰہ الا ہو
بارہ ربیع الاول کو آیا وہ درِّ یتیم
ماہِ نبوت مہر رسالت صاحب خلق عظیم
نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الٰہ الا ہو
اوّل آخر سب کچھ جانے دیکھے بعید و قریب
غیب کی خبریں دینے والا اللہ کا وہ حبیب
نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الٰہ الا ہو
حامد و محمود اور محمد دو جگ کے سردار
جان سے پیارا راج دلارا رحمت کی سرکار
نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الٰہ الا ہو

(امجد حیدر آبادی)

Marfat.com

# اے کاش پھر آجائے عطار مدینے میں

اے کاش پھر آجائے عطّار مدینے میں
بلوا لو خدارا پھر سرکار مدینے میں

کب تک میں پھروں در در مرنے بھی دو لب دلبر
دہلیز پہ سر رکھ کر سرکار مدینے میں

روضے کے قریب آ کر گر جاؤں میں غش کھا کر
ہو جائے تمہارا پھر دیدار مدینے میں

روتی ہوئی آنکھوں سے بیتاب نگاہوں سے
ہو گنبد خضرا کا دیدار مدینے میں

حسنین کے صدقے میں ہر غم کی دوا دے دو
بلوا کے غم اپنا دو سرکار مدینے میں

مل جائے شفا اس کو دربار محمد ﷺ سے
آجائے جو کوئی بھی بیمار مدینے میں

ہو دعوتِ اسلامی کی دھوم جہاں بھر میں
قائم ہو عظیم مرکز سرکار مدینے میں

ٹھہرو گے شفاعت کے حقدار قیامت میں
آ جاؤ گنہگارو اک بار مدینے میں

اِخلاص عطاء کر دو اور خلق کا بھلا کر دو!
بلوا کے شہنشاہِ ابرار مدینے میں

چھڑوا دو مرا ہنسنا سکھلا بھی دو چپ رہنا
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

Marfat.com

اللہ کی الفت دو اور اپنی محبت دو
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
بیتاب جگر دیدو اور آنکھ میں تردید
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

عِصیاں کی دوا دے دو سرکار شفا دے دو
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
ان نفس ستمگر کو قابو میں مرے کر دو!
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

دنیا کی محبت سے دل پاک مرا کر دو
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
رونا بھی سکھا دو اور سکھلا دو تڑپنا بھی
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

آنکھوں میں سما جاؤ سینے میں اتر جاؤ
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
جلووں سے دلِ ویراں آباد کر دو جاناں
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

سگ اپنا مجھے کہہ دو قدموں میں مجھے رکھ لو
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
سینے سے لگا لو تم دیوانہ بنا لو تم
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں

قسمت میری چمکا دو تُربت مری بنوا دو
بلوا کے شہنشاہ ابرار مدینے میں
رمضاں کی بہاریں ہوں طیبہ کی فضائیں ہوں
اور جھومتا پھرتا ہو عطار مدینے میں
(محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# آج ہے جشن ولادت مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ

آج ہے جشن ولادت مرحبا یا مصطفیٰ
آج آئے جان رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا مہر رسالت مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا ماہِ نبوت مرحبا یا مصطفیٰ

آمدِ شاہِ مدینہ مرحبا یا مصطفیٰ
مرحبا اے جانِ رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا آقا کی آمد مرحبا نور خدا
ہو گئی کافور ظلمت مرحبا یا مصطفیٰ

آج دنیا میں ولادت مصطفیٰ کی ہو گئی
خوبؔ چمکی اپنی قسمت مرحبا یا مصطفیٰ

کعبہ سجدہ کو جھکا بت سارے اوندے گر پڑے
آگئی شیطان کی شامت مرحبا یا مصطفیٰ

آگئے سرکار ہر سُو نور کی برسات
جھومتے ہیں ابر رحمت مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

چار سُو ہیں رحمتوں کی چھما چھم بارشیں
آئے لمحات مسرت مرحبا یا مصطفیٰ

مرحبا کی گونج ڈالو سب پکارو مرحبا
جھوم کر اہل محبت مرحبا یا مصطفیٰ

آج گھر گھر روشنی ہے سبز پرچم ہیں بلند
جھومتے ہیں اہلسنت مرحبا یا مصطفیٰ

عید میلاد النبی ﷺ ہے ساری عیدوں کی عید
ہے مسرت ہی مسرت مرحبا یا مصطفیٰ

جشن میلاد النبی ﷺ کی دھوم ہے چاروں طرف
مسئت میں اہل محبت مرحبا یا مصطفیٰ

خوب گاتی تھیں ترانے دف بجا کر بچیاں
ہر طرف کہتی تھی خلقت مرحبا یا مصطفیٰ

آ گئی اٹھو سواری آمنہ رضی اللہ عنہا کے لعل کی
مانگ لو جو چاہو نعمت مرحبا یا مصطفیٰ

لے کے کشکول اے فقیرو آمنہ رضی اللہ عنہا کے گھر چلو
مانگ لو جو چاہو نعمت مرحبا یا مصطفیٰ

Marfat.com

یا نبی ﷺ! اپنی ولادت کی خوشی میں دیجئے
مجھ کو بس اپنی محبت مرحبا ۔ یا مصطفیٰ

واسطہ تم کو ولادت کا مدینے میں جگہ
مجھ کو دے دو بہر تربت مرحبا یا مصطفیٰ

دے دو تم عطاؔر کو عیدی میں چشم اشکبار
اپنا غم دو اپنی الفت مرحبا یا مصطفیٰ

(مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری)

Marfat.com

# پیارا پیارا ہے مدینہ

پیارا پیارا ہے مدینہ
پیارا پیارا ہے مدینہ
میٹھا میٹھا ہے مدینہ
میٹھا میٹھا ہے مدینہ
بڑی دور مدینہ تورا
یہاں جیا نہ لاگے مورا
بیٹھا ہوں میں آس لگائے
میری کس دن ہو گی حاضری
مورا جیون بیتا جائے گا
مدینے والے پیا وکھا
سانوں سخی دوارا
ہے نور کا سرمہ نینن میں
زلفیں ان کی پیاری پیاری
صورتیا میرے آقا کی
ہے من موہنی پیاری پیاری
میں تو راہِ تکت ہوں برسوں سے
آئی ہی نہیں موری باری
تو موری کس دن ہو گی حاضری
مورا جیون بیتا جائے

Marfat.com

مدینے والے پیا وکھا
سانوں سخی دوارا
پیارا پیارا ہے مدینہ
میٹھا میٹھا ہے مدینہ

کوئی ایسی سکھی چاتر نہ ملی
موہے پی کے دوار پہنچا دیتی
میں نے تو راہِ مدینہ بھی دیکھی نہیں
موری بہیاں پکڑ کے بتا دیتی
کہ موری کس دن ہو گی حاضری
مورا جیون بیتا جائے

مدینے والے پیا وکھا
سانوں سخی دوارا
پیارا پیارا ہے مدینہ
میٹھا میٹھا ہے مدینہ

(ممتاز جہاں گنگوہی)

Marfat.com

# پڑھ کر سمجھو کیا ہے میم

پڑھ کر سمجھو کیا ہے میم
اللہ ہی اللہ

اس کا رتبہ کتنا اعلیٰ
بس یہ جانے اللہ والا
پردے کا پردہ ہے میم
اللہ ہی اللہ

میم سے ہی محبت بنایا
میم نے ہی مسکرانا سکھایا
میم لکھ لکھ کر دل میں بسا لے
میم سے معرفت کا پتہ لے
میم سے زیست کی ابتدا ہے
میم پہ ختم آدم ہوا ہے
میم ہی موت کا مدعا ہے
میم سے ہم نے مرکز پڑھا ہے
میم میں مغفرت کی صدا ہے
میم ہی منزلوں کا پتہ ہے
سچی باتیں جو نہ مانے

Marfat.com

وہ ناداں ہیں اور دیوانے
جنت کا رستہ ہے میم
اللہ ہی اللہ

میم سے ماں کا دامن ملا ہے
یہ دعاؤں کا مسکن ملا ہے
ماں کا سایہ بڑا محترم ہے
ماں کی آغوش باب کرم ہے
ماں دعا دے تو جھوم اٹھے رحمت
ماں کے قدموں کے نیچے ہے جنت
ماں کے درجے کو جس نے بھی جانا
اس کی ٹھوکر میں ہے یہ زمانہ
دودھ کے ایک قطرے کی قیمت
ہو نہیں سکتی دنیا کی دولت
درس انسانیت کا پڑھایا
نیند سے اٹھ کے جھولا جھلایا
ماں اگر سچے دل سے پکارے
پیدا طوفان میں ہوں کنارے
لو دعائیں تو عزت ملے گی
ماں کے دامن میں رحمت ملے گی
ماں کے دامن کو نہ چھوڑو
اس سے ہر گز منہ نہ موڑو
پاکیزہ رشتہ ہے میم
اللہ ہی اللہ

Marfat.com

میم ہی دیکھو مسجود میں ہے
میم ہی دیکھو معبود میں ہے
میم ہی دیکھو مطلوب میں ہے
میم ہی دیکھو محبوب میں ہے
میم کی شان اللہ اکبر
میم ہی سے لکھا رب نے محشر
میم ہے رحمتوں کا خزینہ
میم ہی سے ہے مکہ مدینہ
میم سے ہی مزہ زندگی کا
میم سے ہی مقدر سبھی کا
میم میں سارا مطلب چھپا ہے
میم میں جلوۂ رب چھپا ہے
میم اللہ کو پیارا ہے بے حد
میم سے لکھا ہے نام محمد
ان پر پل پل درود بھیجو
بات سمجھنے کی ہے سمجھو
جلوہ ہی جلوہ ہے میم
اللہ ہی اللہ

(عابد نظامی)

Marfat.com

# تاجدارِ حرم ﷺ ہو نگاہِ کرم

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے
حامی بے کساں! کیا کہے گا جہاں آپ کے در سے خالی اگر جائیں گے

خوف طوفان ہے آندھیوں کا ہے غم، سخت مشکل ہے آقا کدھر جائیں ہم
آپ بھی گر نہ لیں گے ہماری خبر، ہم مصیبت کے مارے کدھر جائیں گے

در پہ ساقی کوثر کے پینے چلیں، میکشو آؤ آؤ مدینے چلیں
یاد رکھو! اگر اٹھ گئی اک نظر، جتنے خالی ہیں سب جام بھر جائیں گے

کوئی اپنا نہیں غم کے مارے ہیں ہم، آپ کے در پہ فریاد لائے ہیں ہم
ہو نگاہِ کرم ورنہ چوکھٹ پہ ہم، آپ کا نام لے لے کے مر جائیں گے

آپ کے در سے کوئی نہ خالی گیا، اپنے دامن کو بھر کے سوالی گیا
ہو پیام حزیں پر بھی آقا کرم، ورنہ اوراق ہستی بکھر جائیں گے

(پیام سہالوی)

Marfat.com

# جب حُسن تھا ان کا جلوہ نما

جب حُسن تھا ان کا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہو گا
ہر کوئی فدا ہے بن دیکھے دیدار کا عالم کیا ہو گا

جس وقت تھے خدمت میں ان کی بو بکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ و عثمان رضی اللہ عنہ و علی رضی اللہ عنہ
اس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار کا عالم کیا ہو گا

چاہیں تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دنیا کی
یہ شان ہے خدمت گاروں کی سردار کا عالم کیا ہو گا

جب شمع رسالت روشن ہو کیونکر نہ جلے پروانۂ دل
جب رشک مسیحا آجائیں بیمار کا عالم کیا ہو گا

معراج کی شب حق سے ملنے وہ عرش معلیٰ پر پہنچے
رفتار کا عالم کیا ہو گا گفتار کا عالم کیا ہو گا

اللہ و غنی سبحان اللہ کیا خوب ہے روضہ کا نقشہ
محراب حرم کی جالی کا مینار کا عالم کیا ہو گا

کہتے ہیں عرب کے ذروں پر انوار کی بارش ہوتی ہے
اے نجم نہ جانے طیبہ کے گلزار کا عالم کیا ہو گا

(نجم نعمانی)

Marfat.com

# جس نے مدینے جانا

جس نے مدینے جانا کر لو تیاریاں
بیڑا مدینے والا لیندا پیا تاریاں

حاجیاں نیں چمی جالی جالی او کرماں والی
لکھ پہریداراں بھاویں چھڑیاں نیں ماریاں

اوتھے نیں ٹھنڈیاں چھاواں دل کش مخمور ہواواں
کھلیاں بہشتاں دیاں جیویں سب باریاں

کعبے دے گرد گھمیئے روضے دی جالی چمیئے
تک آیئے جنت دیاں نالے کیاریاں

سوہنے نوں راضی کریئے رحمت تھیں جھولی بھریئے
پلکاں دے نال دیئے تھاں تھاں باریاں

رب دا حبیب اوتھے سب دا طبیب اوتھے
ہندیاں مدینے جا کے دور بیماریاں

صدمے کیوں ہجر دے سہیے ایتھے اک پل نہ رہیئے
دس جے چلے جایئے مار اڈاریاں

صورت نورانی جس دی دنیا دیوانی جس دی
کیوں نہ میں جاواں حافظ اس توں بلہاریاں

(حافظ محمد حسین)

Marfat.com

# بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ

بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ لوٹ کر میں نہ جاؤں گا خالی
کچھ نواسوں کا صدقہ عطاء ہو در پہ آیا ہوں بن کر سوالی

حق سے پائی وہ شانِ کریمی مرحبا دونوں عالم کے والی
اس کی قسمت کا چمکا ستارہ جس پہ نظرِ کرم تم نے ڈالی

زندگی بخش دی بندگی کو آبرو دین حق کی بچالی
وہ محمد ﷺ کا پیارا نواسہ جس نے سجدے میں گردن کٹالی

حشر میں ان کو دیکھیں گے جس دم امتی یہ کہیں گے خوشی سے
آ رہے ہیں وہ دیکھو محمد ﷺ جن کے کاندھے پہ کملی ہے کالی

عاشق مصطفیٰ ﷺ کی اذاں میں اللہ اللہ کتنا اثر تھا
عرش والے بھی سنتے تھے جس کو کیا اذاں تھی اذانِ بلالی

کاش پرنم دیار نبی میں جیتے جی ہو بلاوا کسی دن
حالِ غم مصطفیٰ کو سناؤں تھام کر ان کے روضے کی جالی

Marfat.com

# نوری محفل پہ چادر تنی نور کی

نوری محفل پہ چادر تنی نور کی
نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے

چاندنی میں ہیں ڈوبے ہوئے دو جہاں
کون جلوہ نما آج کی رات ہے

عرش پر دھوم ہے فرش پر دھوم ہے
ہے وہ بدبخت جو آج محروم ہے

پھر یہ آئے گی شب کس کو معلوم ہے
ہم پہ لطفِ خدا آج کی رات ہے

مومنو! آج گنجِ سخا لُوٹ لو
لُوٹ لو اے مریضو! شفا لوٹ لو

عاصیو! رحمت مصطفیٰ ﷺ لُوٹ لو
بابِ رحمت کھلا آج کی رات ہے

ابرِ رحمت ہیں محفل پہ چھائے ہوئے
آسماں سے ملائکہ ہیں آئے ہوئے

Marfat.com

مانگ لو مانگ لو چشمِ تر مانگ لو
دردِ دل اور حسن نظر مانگ لو

کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو
مانگنے کا مزا آج کی رات ہے

اس طرف نور ہے اس طرف نور ہے
سارا عالم مسرت سے معمور ہے

جس کو دیکھو وہی آج مسرور ہے
مہک اٹھی فضا آج کی رات ہے

وقت لائے خدا سب مدینے چلیں
لُوٹنے رحمتوں کے خزینے چلیں

سب کے منزل کی جانب سفینے چلیں
میری صائم دعا آج کی رات ہے

(صائم چشتی)

Marfat.com

# جشنِ آمدِ رسول ﷺ

جشنِ آمد رسول اللہ ہی اللہ
بی بی آمنہ رضی اللہ عنہا کے پھول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

جب کہ سرکار تشریف لانے لگے
حور و غلماں بھی خوشیاں منانے لگے
ہر طرف نور کی روشنی چھا گئی
اے حلیمہ تیری گود میں آ گئے
دونوں عالم کے رسول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

چہرۂ مصطفیٰ ﷺ جب دکھایا گیا
جھک گئے تارے اور چاند شرما گیا
آمنہ رضی اللہ عنہا دیکھ کر مسکرانے لگیں
حوا مریم بھی خوشیاں منانے لگیں
آمنہ رضی اللہ عنہا بی بی سب سے یہ کہنے لگیں
دعا ہو گئی قبول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

شادیانے خوشی کے بجائے گئے
شاد کے نغمے سب کو سنائے گئے
ہر طرف شور صل علیٰ ہو گیا

Marfat.com

آج پیدا حبیب خدا ہو گیا
پھر تو جبریل نے بھی یہ اعلان کیا
یہ خدا کے ہیں رسول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ

اُن کا سایہ زمیں پر نہ پایا گیا
نور سے نور دیکھو جدا نہ ہوا
ہم کو عابدؔ نبی پر بڑا ناز ہے
کیا بھلا میرے آقا کا انداز ہے
جس نے رُخ پر ملی وہ شفا پا گیا
خاکِ طیبہ تیری دھول اللہ ہی اللہ
اللہ ہی اللہ کہو اللہ ہی اللہ
(عابد بریلوی)

Marfat.com

# جشن ولادت کے موقع پر لگائے جانے والے دعوتِ اسلامی کے مقبول نعرے

سرکا ﷺ کی آمد مرحبا

سردار ﷺ کی آمد مرحبا

مختار ﷺ کی آمد مرحبا

منٹھار ﷺ کی آمد مرحبا

دلدار ﷺ کی آمد مرحبا

سالار ﷺ کی آمد مرحبا

غمخوار ﷺ کی آمد مرحبا

عیب داں ﷺ کی آمد مرحبا

حضور ﷺ کی آمد مرحبا

پُر نور ﷺ کی آمد مرحبا

غیور ﷺ کی آمد مرحبا

رہبر ﷺ کی آمد مرحبا

شہر یار ﷺ کی آمد مرحبا

تاجدار ﷺ کی آمد مرحبا

غمگسار ﷺ کی آمد مرحبا

شہ ابرار ﷺ کی آمد مرحبا

جاناں ﷺ کی آمد مرحبا

Marfat.com

سلطاں ﷺ کی آمد مرحبا

ذیشاں ﷺ کی آمد مرحبا

سخی ﷺ کی آمد مرحبا

قوی ﷺ کی آمد مرحبا

ہاشمی ﷺ کی آمد مرحبا

آقا ﷺ کی آمد مرحبا

داتا ﷺ کی آمد مرحبا

دلبر ﷺ کی آمد مرحبا

سرور ﷺ کی آمد مرحبا

انور ﷺ کی آمد مرحبا

شہ کوثر ﷺ کی آمد مرحبا

پیمبر ﷺ کی آمد مرحبا

حبیب ﷺ کی آمد مرحبا

نبی ﷺ کی آمد مرحبا

امی ﷺ کی آمد مرحبا

مکی ﷺ کی آمد مرحبا

مدنی ﷺ کی آمد مرحبا

عربی ﷺ کی آمد مرحبا

قرشی ﷺ کی آمد مرحبا

طیب ﷺ کی آمد مرحبا

طاہر ﷺ کی آمد مرحبا

حاضر ﷺ کی آمد مرحبا

Marfat.com

مولا ﷺ کی آمد مرحبا
اولیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
مَلجا ﷺ کی آمد مرحبا
مَاوا ﷺ کی آمد مرحبا
اعلیٰ ﷺ کی آمد مرحبا
بالا ﷺ کی آمد مرحبا
رسول ﷺ کی آمد مرحبا
مقبول ﷺ کی آمد مرحبا
اوّل ﷺ کی آمد مرحبا
آخر ﷺ کی آمد مرحبا
باطن ﷺ کی آمد مرحبا
ظاہر ﷺ کی آمد مرحبا
نذیر ﷺ کی آمد مرحبا
قاسم ﷺ کی آمد مرحبا
خاتم ﷺ کی آمد مرحبا
ناظر ﷺ کی آمد مرحبا
حامی ﷺ کی آمد مرحبا
ناصر ﷺ کی آمد مرحبا
سیّد ﷺ کی آمد مرحبا
آمر رؤف ﷺ کی آمد مرحبا
رحیم ﷺ کی آمد مرحبا
کریم ﷺ کی آمد مرحبا

Marfat.com

حکیم ﷺ کی آمد مرحبا
نعیم ﷺ کی آمد مرحبا
عظیم ﷺ کی آمد مرحبا
منیر ﷺ کی آمد مرحبا
شہیر ﷺ کی آمد مرحبا
بشیر ﷺ کی آمد مرحبا
کامل ﷺ کی آمد مرحبا
عادل ﷺ کی آمد مرحبا
یٰس ﷺ کی آمد مرحبا
طٰہٰ ﷺ کی آمد مرحبا
امین ﷺ کی آمد مرحبا
مبین ﷺ کی آمد مرحبا

مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ
مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

صبحِ وطن پہ شامِ غریباں کو دوں شرف
بیکس نواز گیسوؤں والا کہوں تجھے

اللہ رے تیرے جسمِ منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیعِ روزِ جزا کا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیبِ تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ اُن کے ثناء خواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضؔا نے ختمِ سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# آسمان گر تیرے تلوؤں کا نظارہ کرتا

آسمان گر تیرے تلوؤں کا نظارہ کرتا
روز اِک چاند تصدق میں اُتارا کرتا

طواف روضہ ہی پہ چلائے تھے کچھ ناواقف
میں تو آپے میں نہ تھا اور جو سجدہ کرتا

چھپ گیا چاند نہ آئی تیرے دید کی تاب
اور اگر سامنے رہتا بھی تو سجدہ کرتا

ہم سے ذروں کی تو تقدیر ہی چمکا جاتا
مہر فرما کے وہ جس راہ سے نکلا کرتا

آہ کیا خوب تھا گر حاضر در ہوتا میں
ان کے سایہ کے تلے چین سے سویا کرتا

آنکھ اُٹھتی تو میں جھنجلا کے پلک سی لیتا
دل بگڑتا تو میں گھبرا کے سنبھالا کرتا

اے حسنؔ قصد مدینہ نہیں رونا ہے یہی
اور میں آپ سے کس بات کا شکوہ کرتا

(مولانا حسن رضا بریلوی)

Marfat.com

# حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے

حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے
سلام کے لیے حاضر غلام ہو جائے

نصیب والوں میں میرا بھی نام ہو جائے
جو زندگی کی مدینے میں شام ہو جائے

میں کامیاب رہوں گر دم نزع جاری
میری زباں پہ محمد ﷺ کا نام ہو جائے

متاع زیست ہو عشق نبی فقط جس کا
زمانے بھر میں وہ ذی احترام ہو جائے

پیا رضا و ضیاء نے پیا جو مرشد نے
عطاء مجھے بھی شہہ ایسا جام ہو جائے

شہہ عبید رضاؔ در بدر پھرے کب تک
حضور اس کا مدینہ مقام ہو جائے!

(محمد اویس عبید رضا)

Marfat.com

# تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہو گا

تمہارا نام مصیبت میں جب لیا ہو گا
ہمارا بگڑا ہوا کام بن گیا ہو گا

گنہگار پہ جب لطف آپ کا ہو گا
کیا بغیر کیا بے کیا کیا ہو گا

خدا کا لطف ہوا ہو گا دستگیر ضرور
جو گرتے گرتے ترا نام لے لیا ہو گا

دکھائی جائے گی محشر میں شان محبوبی
کہ آپ ہی کی خوشی آپ کا کہا ہو گا

خدائے پاک کی چاہیں گے اگلے پچھلے خوشی
خدائے پاک خوشی ان کی چاہتا ہو گا

کسی کے پاؤں کی بیڑی یہ کاٹتے ہوں گے
کوئی اسیر غم ان کو پکارتا ہو گا

کسی طرف سے صدا آئے گی حضور آؤ
نہیں تو دم میں غریبوں کا فیصلہ ہو گا

کسی کے پلہ پہ یہ ہوں گے وقت وزن عمل
کوئی اُمید سے منہ ان کا تک رہا ہوگا

کوئی کہے گا دُھائی ہے یا رسول اللہ ﷺ
تو کوئی تھام کے دامن مچل گیا ہو گا

کسی کو لیکے چلیں گے فرشتے سوئے جحیم
وہ اُن کا راستہ پھر پھر کے دیکھتا ہوگا

Marfat.com

شکستہ پا ہوں مرے حال کی خبر کردو
کوئی کسی سے یہ رو رو کے کہہ رہا ہوگا
خدا کے واسطے جلد ان سے عرض حال کرو
کسے خبر ہے کہ دم بھر میں ہائے کیا ہوگا
پکڑ کے ہاتھ کوئی حال دل سنائے گا
تو رو کے قدموں سے کوئی لپٹ گیا ہوگا
زبان سوکھی دکھا کر کوئی لب کوثر
جناب پاک کے قدموں پہ گر گیا ہو گا
کوئی قریب ترازو کوئی لبِ کوثر
کوئی صراط پر ان کو پکارتا ہو گا
ہزار جان فدا نرم نرم پاؤں سے
پکار سن کے اسیروں کی دوڑتا ہو گا
عزیز بچے کو ماں جس طرح تلاش کرے
خدا گواہ ہے یہی حال آپ کا ہوگا
نبی ہے دم پہ دھائی ہے تاج والے کی
یہ غل یہ شور یہ ہنگامہ جا بجا ہو گا
کہیں گے اور نبی اذھبو الیٰ غیری
مرے حضور کے لب اَنَا لَھَا ہوگا
میں ان کے در کا بھکاری ہوں فضل مولیٰ سے
حسنؔ فقیر کا جنت میں بستر ہوگا
(مولانا حسن رضا بریلوی)

Marfat.com

# یہ کس شہنشاہِ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا

یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ کون سے شہ بالا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج تارے زمین کی طرف ہیں کیوں مائل
یہ آسمان سے پیہم ہے نور کیوں نازل
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کیا ہے زمانے نے رنگ بدلا ہے
یہ آج کیا ہے کہ عالم کا ڈھنگ بدلا ہے
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کیا ہے شادی ہے عرش کیوں جھوما
لبِ زمیں کو لبِ آسماں نے کیوں چوما
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ آج کیا ہے کہ بت اوندھے ہو گئے سارے
یہ آج کیوں ہیں شیاطیں بندھے ہوئے سارے
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
رسل انہی کا تو مژدہ سنانے آئے ہیں
انہی کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہی کے آنیکی شادی رچانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہ سیدھا راستہ حق کا بتانے آئے ہیں
یہ حق کے بندوں کو حق سے ملانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہ بھولے بچھڑوں کو رستے پہ لانے آئے ہیں
یہ بھولے بھٹکوں کو ہادی بنانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

خدائے پاک کے جلوے دکھانے آئے ہیں
دلوں کا نور کے بقعے بنانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

چمک سے اپنی جہاں جگمگانے آئے ہیں
مہک سے اپنی یہ کوچے بسانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

نسیم فیض سے غنچے کھلانے آئے ہیں
کرم کی اپنی بہاریں دکھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

یہی تو سوتے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

Marfat.com

ہزاروں سال کی روشن شدہ بجھی آتش
یہ کفر و شرک کی آتش بجھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

انہیں خدا نے کیا اپنے ملک کا مالک
انہیں کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

جو گر رہے تھے اُنہیں نائبوں نے تھام لیا
جو گر چکے ہیں یہ اُن کو اُٹھانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

رؤف ایسے ہیں اور جو رحیم ہیں اتنے
کہ گرتے پڑتوں کو سینے لگانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا

سنو گے لا نہ زبان کریم سے نوری
یہ فیض وجود کے دریا بہانے آئے ہیں
یہ کس شہنشاہ والا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
یہ کون سے شہ بالا کی آمد آمد ہے بولو مرحبا بولو مرحبا
(مصطفیٰ رضا نوری رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# تو شمع رسالت ہے عالم تیرا پروانہ

تو ماہِ نبوت ہے اے جلوہ جاناناں
جو ساقی کوثر کے چہرے سے نقاب اٹھے

ہر دل بنے میخانہ ہر آنکھ ہو پیمانہ
سرشار مجھے کر دے اک جام لبالب سے

تا حشر رہے ساقی آباد یہ میخانہ
ہر پھول میں خوشبو تیری ہر شمع میں ضوء تیری

بلبل ہے تیرا بلبل پروانہ ہے پروانہ
پیتے ہیں تیرے در کا کھاتے ہیں تیرے در کا

پانی ہے تیرا پانی دانہ ہے تیرا دانہ
سنگ در جاناں پر کرتا ہوں جبیں سائی

سجدہ نہ سمجھ نجدی سر دیتا ہوں نذرانہ
آباد اسے فرما ویراں ہے دل نوری
جلوے تیرے بس جائیں آباد ہو ویرانہ

(مصطفیٰ رضا نوری رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# زائر کوئے جناں آہستہ چل

زائر کوئے جناں آہستہ چل
دیکھ آیا ہے کہاں آہستہ چل

جیسے بھی چاہے جہاں میں گھوم پھر
یہ مدینہ ہے یہاں آہستہ چل

حاضری میں ہیں ملائکہ ستر ہزار
قدسیوں کے درمیاں آہستہ چل

بارگاہِ ناز میں آہستہ بول
ہو نہ جائے سب کچھ رائیگاں آہستہ چل

در پہ پہنچا ہوں بڑی مدت کے بعد
اے مری عمر رواں آہستہ چل

در پہ پہنچا ہوں جو میں قسمت سے آج
کیوں کہوں عمر رواں آہستہ چل

دیکھ لوں جی بھر کے شہر مصطفیٰ
میرے میر کارواں آہستہ چل

(حنیف نازش)

Marfat.com

## دھڑکنوں تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہوگا

دھڑکنوں تم ہی کہو وقت وہ کیسا ہوگا
سامنے آنکھوں کے جب گنبد خضریٰ ہوگا

اے اجل تجھ کو بھی اس وقت ٹھہرنا ہوگا
جب مرے ہونٹوں پہ ذکر شہہ بطحا ہو گا

ہائے دوزخ کی طرف سرورِ عالم کا غلام
کیسے یہ جوش مشیت کو گوارا ہو گا

آ اِدھر روح کی ہر تہہ میں سمولوں تجھ کو
اے صباء تونے تو سرکار کو دیکھا ہو گا

لاکھ تم عمر عبادت میں گزارو لیکن
وہ جیسے چاہیں گے سجدہ وہی سجدہ ہو گا

اُن کا بیکلؔ ہوں مجھے خوف نہیں محشر میں
میرے سرکار کا دامن میرا پردہ ہو گا

(بیکل بلرامپوری)

Marfat.com

# جام اُلفت کا پلا دو یا رسول اللہ ﷺ

جام اُلفت کا پلا دو یارسول اللہ ﷺ
اپنا دیوانہ بنا دو یارسول اللہ ﷺ

میری قسمت کو جگا دو یارسول اللہ ﷺ
اک جھلک اپنی دکھا دو یارسول اللہ ﷺ

خواب میں تشریف لا کر ایک بار
دید کا شربت پلا دو یارسول اللہ ﷺ

آ گیا بیمار اے میرے طبیب
دو شفائے کاملہ یارسول اللہ ﷺ

عمر بھر تیری ثناء خوانی کروں
ہر رکاوٹ کو ہٹا دو یارسول اللہ ﷺ

وہ کبھی بھی اُٹھ نہیں سکتا جسے
تم نگاہوں سے گرا دو یارسول اللہ ﷺ

سن کے جلد ہوا حاضر غلام
اپنے رب سے بخشوا دو یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

بخش دے گا ہر خطاء میری خدا
تم ذرا لب کو ہلا دو یارسول اللہ ﷺ

رو سیاہ ننگ خلائق کے بے عمل
آ گیا بخشش دلا دو یارسول اللہ ﷺ

عمر عصیاں بے سبب برباد ہے
تم خطائیں بخشوا دو یارسول اللہ ﷺ

نہ کہوں تم سے پھر کس سے کہوں
میری بگڑی کو بنا دو یارسول اللہ ﷺ

چاند کو اُنگلی سے مہد پاک میں
جس طرف چاہو جھکا دو یارسول اللہ ﷺ

سوئی مل جائے اندھیرا بھی ہو گر
تم جو آ کر مسکرا دو یارسول اللہ ﷺ

ابو جہل کے ہاتھ میں کنکر کو بھی
چاہو تو کلمہ پڑھا دو یارسول اللہ ﷺ

ہے بڑا ویراں شہا قلب عبیدؔ
اپنے جلوؤں سے بسا دو یارسول اللہ ﷺ

(محمد اویس عبید رضا)

Marfat.com

# اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطاء کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراؤں گا جب تنہا
امداد میری کرنے آجانا رسول اللہ ﷺ
روشن میری تربت کو اللہ ذرا کرنا

اے نورِ خُدا آکر آنکھوں میں سما جانا
یا در پہ بلا لینا یا خواب میں آ جانا
اے پردہ نشین دل کے پردوں میں رہا کرنا

محبوبِ الٰہی سا ہرگز نہ کہیں دیکھا
یہ شان ہے محمد ﷺ کی سایہ بھی نہ کہیں دیکھا
اللہ نے سائے کو چاہا نہ جُدا کرنا

چہرے سے ضیاء پائی ہے چاند ستاروں نے
اس در سے شفاء پائی دکھ درد کے ماروں نے
آتا ہے انہیں صابر ہر غم کی دعا کرنا

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطاء کرنا
(محمد صابر)

Marfat.com

# گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں

گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں
تو ساری زندگی کر دوں بسر طیبہ کی گلیوں میں

ہوائیں رحمت حق کی وہاں چلتی ہیں روز و شب
برستا نور ہے شام و سحر طیبہ کی گلیوں میں

جدھر دیکھی اس ماہ جبیں کی چاندنی دیکھی
جمال مصطفیٰ ﷺ آیا نظر طیبہ کی گلیوں میں

محمد مصطفیٰ ﷺ کے عشق میں ہر آنکھ پرنم ہے
یہ دیکھا ہے محبت کا اثر طیبہ کی گلیوں میں

درود ان پر سلام ان پر سلام ان پر درود ان پر
وظیفہ ہو یہی شام و سحر طیبہ کی گلیوں میں

فرشتے بھی ادب سے سر جھکائے ہوئے راشد
میری بھی کیوں نہ جھک جائے نظر طیبہ کی گلیوں میں

گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں
تو ساری زندگی کر دوں بسر طیبہ کی گلیوں میں

Marfat.com

# خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی

خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی
ہم فقیروں کو مدینے کی گلی اچھی لگی

دور تھے تو زندگی بے رنگ تھی بے کیف تھی
اُن کے کوچے میں گئے تو زندگی اچھی لگی

میں نہ جاؤں گا کبھی بھی در نبی کا چھوڑ کر
مجھ کو تو مصطفیٰ ﷺ کی چاکری اچھی لگی

رکھ دیئے سرکار کے قدموں میں سلطانوں نے سر
سرور کون و مکاں کی سادگی اچھی لگی

مہرو ماہ کی روشنی مانا کہ اچھی ہے مگر
سبز گنبد کی مجھے تو روشنی اچھی لگی

ناز کر تو اے حلیمہ سرورِ کونین ﷺ پر
گر لگی اچھی تو تیری جھونپڑی اچھی لگی

آج محفل میں نیازؔی نعت جو میں نے پڑھی
عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ کو وہ بڑی اچھی لگی

(عبدالستار نیازی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# محبوب ﷺ کی محفل

محبوب کی محفل کو محبوب سجاتے ہیں
آتے ہیں وہی جن کو سرکار بلاتے ہیں

وہ لوگ خدا شاہد قسمت کے سکندر ہیں
جو سرور عالم ﷺ کا میلاد مناتے ہیں

مے خوار و ذرا جانا میخانۂ سرور ﷺ میں
وہ جام کرم اب بھی بھر بھر کے پلاتے ہیں

سرکار ﷺ کی رحمت کا اندازہ نہیں ان کو
جو ہم کو جہنم سے دن رات ڈراتے ہیں

جن کا بھری دُنیا میں کوئی بھی نہیں والی
اُن کو بھی میرے آقا ﷺ سینے سے لگاتے ہیں

ان لوگوں کی عظمت کا اللہ بھی ذاکر ہے
گن آپ کی عظمت کے دن رات جو گاتے ہیں

محبوب ﷺ کی محفل کو محبوب سجاتے ہیں
آتے ہیں وہی جن کو سرکار بلاتے ہیں

Marfat.com

# بلا لو پھر مجھے اے شاہِ بحر و بَر مدینے میں

بلا لو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں
میں پھر روتا ہوا آؤں تیرے در پر مدینے میں

میں پہنچوں کوئے جاناں میں گریباں چاک سینہ چاک
گرا دے کاش مجھ کو شوق تڑپا کر مدینے میں

مدینے جانے والو! جاؤ جاؤ فی امانِ اللہ
کبھی تو اپنا بھی لگ جائے گا بستر مدینے میں

سلامِ شوق کہنا حاجیو! میرا بھی رو رو کر
تمہیں آئے نظر جب روضۂ انور مدینے میں

مدینے جب میں پہنچوں کاش ایسا کیف طاری ہو
کہ روتے روتے گر جاؤں میں غش کھا کر مدینے میں

نہ ہو مایوس دیوانو پکارے جاؤ تم اُن کو
بلائیں گے تمہیں بھی ایک دن سرور مدینے میں

مدینہ اس لیے عطارؔ جان و دل سے ہے پیارا
کہ رہتے ہیں میرے آقا دلبر مدینے میں

(مولانا محمد الیاس عطارؔ قادری)

Marfat.com

# کوئی سلیقہ ہے آرزو کا

کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

کسی کا احسان کیوں اٹھائیں کسی کو حالات کیوں بتائیں
تم ہی سے مانگیں گے تم ہی دو گے تمہارے در سے لو لگی ہے

بشیر کہیئے نذیر کہیئے انہیں سراج منیر کہیئے!!
جو سر بسر ہے کلام ربی میرے نبی ﷺ کی وہ زندگی ہے

عمل کی میرے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے
رہے سلامت بس ان کی نسبت مرا تو اک آسرا یہی ہے

انہی کے در سے خدا ملا ہے انہی سے اس کا پتہ چلا ہے
وہ آئینہ جو خدا نما ہے جمال حسن حضور ہی ہے

تجلیوں کے کفیل تم ہو مراد قلب خلیل تم ہو
خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ تمہاری ہی روشنی ہے
یہ سب تمہارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

Marfat.com

# ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو

ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو
اور یاد محمد ﷺ کی میرے دل میں بسی ہو

دو سوزِ بلال آقا ملے درد رضا سا
سرکار عطاء عشق اویس قرنی رضی اللہ عنہ ہو

اللہ کی رحمت سے تو جنت ہی ملے گی
اے کاش محلے میں جگہ ان کے ملی ہو

اے کاش میں بن جاؤں مدینے کا مسافر
پھر روتی ہوئی طیبہ کو بارات چلی ہو

اے کاش مدینے میں مجھے موت یوں آئے
قدموں میں تیرے سر ہو میری روح چلی ہو

جس وقت نکیرین میری قبر میں آئیں
اس وقت مرے لب پہ سجی نعت نبی ﷺ ہو

آقا کا گدا ہوں میں اے جہنم تو بھی سن لے
وہ کیسے جلے جو کہ بلال مدنی ہو

Marfat.com

عطار ہمارا ہے سر حشر اے کاش
دست شہہ بطحیٰ سے یہی چٹھی ملی ہو

اے کاش میں بن جاؤں مدینے کا مسافر
اور یاد محمد ﷺ کی میرے دل میں بسی ہو

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# طیبہ کی یاد آئی

طیبہ کی یاد آئی اب اشک بہانے دو
محبوب نے آنا ہے راہوں کو سجانے دو

میں تیری زیارت کے قابل تو نہیں مانا
یادوں کو شاہا اپنی خوابوں میں تو آنے دو

جو چاہو سزا دینا محبوب ﷺ کے دربانو!
اک بار تو جالی کو سینے سے لگانے دو

مشکل ہو اگر میرا طیبہ میں ابھی جانا
اے بادِ صبا میری آہوں کو تو جانے دو

اشکوں کی لڑی کوئی اب ٹوٹنے مت پائے
اللہ کے پیارے کو کچھ حال سنانے دو

آقا کے لیے ایسے الفاظ کہاں صائمؔ
اشکوں کی زبانی ہی اِک نعت سنانے دو

(صائمؔ چشتی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

آہ! اب وقت رخصت ہے آیا
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ
صدمہ ہجر کیسے سہوں گا
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

بے قراری بڑھی جا رہی ہے
ہجر کی اب گھڑی آ رہی ہے
دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

کس طرح شوق سے میں چلا تھا
دل کا غنچہ خوشی سے کھلا تھا
آہ! اب چھوٹتا ہے مدینہ
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

کوے جاناں کی رنگیں فضاؤ!
اے معطر معنبر ہواؤ!
لو سلام آخری اب ہمارا
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

Marfat.com

کاش قسمت مرا ساتھ دیتی
موت بھی یاوری میری کرتی
جان قدموں پہ قربان کرتا
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

سوزِ اُلفت سے جلتا رہوں میں
عشق میں تیرے گھلتا رہوں میں
چاہے دیوانہ سمجھے زمانہ
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

میں جہاں بھی رہوں میرے آقا
ہو نظر میں مدینے کا جلوہ
التجا میری مقبول فرما
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

کچھ نہ حسن عمل کر سکا ہوں
نذر چند اشک میں کر رہا ہوں
بس یہی ہے مرا کل اثاثہ
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

آنکھ سے اب ہوا خون جاری
روح پر بھی ہوا رنج طاری
جلد عطار کو پھر بلانا
الوداع تاجدارِ مدینہ ﷺ

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# چمک تجھ سے پاتے ہیں

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
میرا دل بھی چمکا دے او چمکانے والے

مدینے کے خطے خدا تجھ کو آباد رکھے
غریبوں، فقیروں کے ٹھہرانے والے

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

ترا کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

رہے گا یونہی ان کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے

رضاؔ نفس دشمن ہے دم میں نہ آنا
کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# آقا آقا بول بندے

آقا آقا بول بندے آقا آقا بول
ذکر نبی ﷺ تو کرتا جا یہ ذکر بڑا انمول

ایسا دن بھی آجائے سرکار کے در پہ بیٹھے ہوں
لب خاموش زباں بن جائیں آنسو عرضاں کرتے ہوں
ان کے در پہ رونے والے دل سے کچھ تو بول

سرورِ عالم پیارے آقا جدھر سے گزرا کرتے تھے
شجر گواہی دیتے تھے اور پتھر کلمہ پڑھتے تھے
نور خدا کے منکر اب تو اپنی آنکھیں کھول

آؤ چلو دیوانوں سارے شہر مدینہ چلتے ہیں
میری کیا اوقات ہے سب ہی ان کے در سے پلتے ہیں
غیروں کو بھی دیتے ہیں بن مانگے بن مول

عرش پہ جس دن پہنچے سارے نبیوں کے سلطان
دشمن دیں سب تھرائے اور کفر ہوا حیران
رب نے ایسی عزت بخشی کبھی نہ آیا جھول

Marfat.com

جن کا ذکر ہے دونوں جہاں میں وہ ہیں میرے سرکار
عرش پر رب نے بلوایا خود کرنے کو دیدار
تعریف خدا خود کرتا ہے قرآن اٹھا کے کھول

پیارے نبی کا واسطہ دے کر رب سے جو بھی مانگا ہے
کیا بتلاؤں جو مانگا تھا اس سے بڑھ کر پایا ہے
مالک میں، مختار ہو تم یہ ہے رب کا قول

جب سے ہوش سنبھالا ہے میں ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
گستاخی نہ ہو جائے میں سنبھل سنبھل کے چلتا ہوں
ماں کی دعاؤں کا صدقہ ہے نعت کا یہ ماحول

راشد نعتیں لکھنا پڑھنا یہ ہے بڑا اعزاز
ان کے کرم کے صدقے ہی سے اونچی ہے پرواز
نعت نبی ﷺ تو سنائے جا کانوں میں رس گھول

میرا چاند بھی بولے آقا تارا بھی بولے آقا
عمر رضی اللہ عنہ بھی بولیں آقا، صدیق رضی اللہ عنہ بھی بولیں آقا
عثمان رضی اللہ عنہ بھی بولیں آقا، حیدر رضی اللہ عنہ بھی بولیں آقا
نبیوں نے بولا آقا، صحابہ نے بولا آقا
ولیوں نے بولا آقا، اولیاء نے بولا آقا
میرے آقا سے محبت ہے تو جھوم کے تو بھی بول
آقا آقا بول بندے آقا آقا بول

(محمد راشد اعظم)

Marfat.com

# پارے پارے پہ لکھا ہے

پارے پارے پہ لکھا ہے کملی والے کا نام
کملی والے محمد ﷺ پہ لاکھوں سلام

یا خدا ہم غریبوں کی فریاد سن
بے کسوں بد نصیبوں کی فریاد سن
کملی والے محمد ﷺ کی امت ہیں ہم
پھر بھی دنیا میں کوئی ہمارا نہیں
ہم غریبوں کا کوئی سہارا نہیں
کیوں ستاتا ہے ظالم زمانہ ہمیں
کوئی آسان نہیں ہے مٹانا ہمیں

ہے ہماری زباں پہ محمد ﷺ کا نام
کملی والے محمد ﷺ پہ لاکھوں سلام

دل میں اُمنڈا ہوا غم کا طوفان ہے
پھر بھی غفلت میں ہر اِک مسلمان ہے
کس لیے اپنی دولت پہ پھولا ہے تو
کملی والے محمد ﷺ کو بھولا ہے تو
ہائے کیا ہو گیا تیرے ایمان کو
طاق پر رکھ دیا تونے قرآن کو
دل میں تیرے نبی کی محبت نہیں
تجھ کو مسجد میں جانے کی فرصت نہیں

Marfat.com

دین و ایمان سے منہ موڑ بیٹھا ہے تو
اپنے اللہ کو چھوڑ بیٹھا ہے تو
پھر بھی ہے تیرے لب پہ یہی صبح و شام
کملی والے محمد ﷺ پہ لاکھوں سلام

خیر و برکت کا سامان لائے نبی
انتہا یہ ہے کہ قرآن لائے نبی
بے سہاروں کو انور سہارا ملا
مرحبا ڈوبتوں کو کنارا ملا
جس کو سرکار کا آسرا مل گیا
یہ سمجھ لو کہ اس کو خدا مل گیا
لب جو کھولے محمد ﷺ نے تقریر کو
توڑ ڈالا غلامی کی زنجیر کو
ہو گئے دم میں آزاد سارے غلام
کملی والے محمد ﷺ پہ لاکھوں سلام
(انور فرخ آبادی)

Marfat.com

# اے عرب کے تاجدار ﷺ اھلاً وسھلاً مرحبا

اے عرب کے تاجدار ﷺ اھلاً سہلاً مرحبا
اے رسولِ شاندار ﷺ اھلاً سہلاً مرحبا
آئے شاہِ نامدار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
سب پکارو بار بار اھلاً و سہلاً مرحبا

اے حبیب کردگار ﷺ اھلاً سہلاً مرحبا
اے خدا کے شاہکار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
آمنہ رضی اللہ عنہا کے گلزار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
اے ہمارے شہر یار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا

انبیاء علیہ السلام کے تاجدار ﷺ اھلاً وسہلاً مرحبا
طیبہ کے ناقہ سوار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
بہرِ اُمت اشکبار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
شافع روزِ شمار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا

رحمت پروردگار ﷺ عزوجل اھلاً و سہلاً مرحبا
حق کے تم آئینہ دار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا
اپنے رب عزوجل کے راز دار ﷺ اھلاً وسہلاً مرحبا
غیب تم پر آشکار ﷺ اھلاً و سہلاً مرحبا

یا شہ عالی وقار اھلاً و سہلاً مرحبا
بادشاہِ نامدار اھلاً و سہلاً مرحبا
غمزدوں کے غمگسار اھلاً و سہلاً مرحبا
بے قراروں کے قرار اھلاً و سہلاً مرحبا

Marfat.com

دو جہاں کے تاجدارِ اھلاً و سہلاً مرحبا
سرورِ با اختیار اھلاً و سہلاً مرحبا

مرہم قلب فگار اھلاً و سہلاً مرحبا
میرا بگڑا دل سنوار اھلاً و سہلاً مرحبا

عزت رُسواوزار اھلاً و سہلاً مرحبا
قوت زار و نزار اھلاً و سہلاً مرحبا

آگئے دُنیا میں یار اھلاً و سہلاً مرحبا
آیا ہر شے پر نکھار اھلاً و سہلاً مرحبا

کر منور قلب تار اھلاً و سہلاً مرحبا
دور ہو دل کا غبار اھلاً و سہلاً مرحبا

سب سے بڑھ کر کامگار اھلاً و سہلاً مرحبا
باعث باغ و بہار اھلاً و سہلاً مرحبا

جلوہ کر دے آشکار اھلاً و سہلاً مرحبا
ہو فدا عطار زار اھلاً و سہلاً مرحبا

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا

پھر مدینے کی سعادت پا گیا
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
اپنے سر پر لاد کر بارِ گناہ
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
آہ! پلّے نیکیاں کچھ بھی نہیں
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
اس کے نامے کی سیاہی دور ہو
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
نیکیوں سے دو بدل اِس کے گناہ
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
بہر مرشد دو شفاعت کی سند
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
از پئے غوث رضی اللہ عنہ رضا ہو مغفرت
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
صدقہ شہزادوں کا ہو چشم کرم
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا
لے کر امید کرم جانِ کرم ﷺ
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آ گیا

Marfat.com

بہر زرد دیئے خُلد بریں
یا رسول اللہ ﷺ مجرم آگیا

اُس کو بھی تم تو لگاتے ہو گلے
جس کو ہر دروازے سے ٹالا گیا

اے مرے سرور ﷺ عطاء ہو چشم تر
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

قلبِ مُضطر کا سوالی ہوں شہا ﷺ
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

دیجیئے سوزِ جگر بہر بلال رضی اللہ عنہ
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

میرا سینہ، ہی مدینہ دو بنا
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

یا نبی ﷺ قفلِ مدینہ دیجیئے
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

سیّدی ﷺ اخلاق اچھے کیجیئے
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

لے کے کشکول آپ کے دربار میں
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

دُور ہو جائے گناہوں کا مرض
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

دو بنا مجھ کو پسندیدہ غلام
بھیک لینے در پہ منگتا آگیا

Marfat.com

دولت اخلاص ہو آقا ﷺ عطاء
بھیک لینے در پہ منگتا آ گیا

آپ ﷺ کی نظر کرم جوں ہی پڑی
ابرِ رحمت میرے سر پر چھا گیا

المدد اے آمنہ رضی اللہ عنہا کے لاڈلے ﷺ
ہائے مجھ پر نفس غالب آ گیا

بدر کامل دیکھ کر تلوا ترا
فق ہوا پھیکا پڑا شرما گیا

اللہ عزوجل اللہ عزوجل آپ ﷺ کا حسن و جمال
دوست کیا دشمن کے دل کو بھا گیا

دشمن محبوب بوجہل لعیں
بدر میں رُسوا ہوا مارا گیا

گلشن عالم کی کیا دیکھوں بہار
میرے دل کو دشت طیبہ بھا گیا

ناخن پا کی ضیائیں مرحبا!
یہ ہلال عید بھی شرما گیا

سبز گنبد کی بہاریں دیکھ لو!
آنکھ کھولو دیکھو روضہ آ گیا

لے کے پلٹا اُن سے منہ مانگی مراد
جو کوئی دربار میں منگتا گیا

قافلہ سوئے مدینہ جب چلا
لب پہ نعتوں کا ترانہ آ گیا

Marfat.com

چاند دو ٹکڑے ہوا صدقے گیا
جب اشارہ مصطفیٰ ﷺ کا پا گیا

پا کے مرضی سرور ﷺ کونین کی
ڈوبا سورج پھر پلٹ کر آ گیا

مرحبا صل علیٰ کا شور اُٹھا
حشر میں جب اُن کا دیوانہ گیا

ناز اُٹھائے قصے جہاں میں جس کے وہ
حشر میں نازوں کا پالا آ گیا

حشر میں اُن ﷺ کے گد کو دیکھ کر
خود جہنم کو پسینہ آ گیا

آنکھ ٹھنڈی ہو ترے دیدار سے
طالب دیدار در پر آ گیا

شور اُٹھا محشر میں یہ چاروں طرف
آ گیا عطار اُن کا آ گیا

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# خدا کا ذکر کرے، ذکرِ مصطفیٰ ﷺ نہ کرے

خدا کا ذکر کرے، ذکرِ مصطفیٰ ﷺ نہ کرے
ہمارے منہ میں ہو ایسی زباں خدا نہ کرے

درِ رسول ﷺ پہ ایسا کبھی نہیں دیکھا
کوئی سوال کرے اور وہ عطاء نہ کرے

کہا خدا نے، شفاعت کی بات محشر میں
پہلے حبیب کرے، کوئی دوسرا نہ کرے

مدینے جا کے نکلنا نہ شہر سے باہر
خدانخواستہ یہ زندگی وفا نہ کرے

اسیر جس کو بنا کر رکھیں مدینے میں
تمام عمر رہائی کی وہ دعا نہ کرے

نبی ﷺ کے قدموں پہ جس دم غلام کا سر ہو
قضا سے کہہ دو کہ اک لمحہ بھی قضا نہ کرے

شعورِ نعت بھی ہو اور زباں بھی ہو ادیبؔ
وہ آدمی نہیں جو ان کا حق ادا نہ کرے

Marfat.com

# فراقِ مدینہ میں دل رو رہا ہے

فراقِ مدینہ میں دل رو رہا ہے
جگر ٹکڑے ٹکڑے ہوا جا رہا ہے

چھڑا کر مدینہ میرا چین چھینا
بتا نفس ظالم تجھے کیا ملا ہے

میری آنکھ سے چھینا طیبہ کا منظر
یہ کس بات کا تو نے بدلہ لیا ہے

دکھایا ہے دن یہ مقدر نے مجھ کو
نہ شکوہ کسی سے نہ کوئی گلہ ہے

میرے دل کے ارماں رہے دل ہی دل میں
یہی غم میرے دل کو تڑپا رہا ہے

سکوں تھا مجھے کوچہ مصطفیٰ ﷺ میں
وطن میں میرا سب سکوں لٹ گیا ہے

نہ دنیا کی فکریں نہ غم تھا وہاں پر
یہاں آکے دل آفتوں میں پھنسا ہے

Marfat.com

میں لفظوں میں کیسے بتا دوں کسی کو
کہ کیا کیا مجھے آج یاد آ رہا ہے

پہاڑوں کی دلکش قطاروں کے جلوے
وہ منظر مجھے آج یاد آ رہا ہے

انہیں چومنا ہاتھ لہرا کر پیہم
وہ لمحہ مجھے آج یاد آ رہا ہے

عقیدت سے خاک مدینہ اٹھا کر
اسے چومنا آج یاد آ رہا ہے

کبھی چلتے چلتے اٹھا کر تنکے
سجا لینا داڑھی میں یاد آ رہا ہے

کبھی دید سرور کی حسرت میں منبر
کو تکنا وہ چھپ چھپ کر یاد آ رہا ہے

حسین و پیاری وہ جنت کی کیاری
وہاں بیٹھنا آج یاد آ رہا ہے

کبھی دیکھ کر سبز گنبد کا منظر
جھکانا نظر آج یاد آ رہا ہے

Marfat.com

کبھی حاضری کے لیے گھر سے چل کر
کھڑے ہونا قدموں میں یاد آرہا ہے

لجاتے ہوئے جرم و عصیاں پہ اپنے
بہانا وہ اشکوں کا یاد آرہا ہے

کبھی روتے روتے کبھی دل ہی دل میں
سنانا انہیں حال یاد آرہا ہے

مدینے سے میں دور آکر پڑا ہوں
یہ جینا بھی کیا کوئی جینا بھلا ہے

بچھڑ کر عبید رضؔا تیرے در سے
پریشان ہے خوار ہے غمزدہ ہے

بلا لو عبید رضؔا کو بلا لو
اگرچہ نکما ہے مگر وہ تیرا ہے

(محمد عبید رضا قادری)

Marfat.com

# نہ کلیم کا تصور نہ خیالِ طورِ سینا

نہ کلیم کا تصور نہ خیال طورِ سینا
میری آرزو محمد ﷺ میری جستجو مدینہ

میں گدائے مصطفیٰ ﷺ ہوں مری عظمتیں نہ پوچھو
مجھے دیکھ کر جہنم کو بھی آ گیا پسینہ

مجھے دشمنو! نہ چھیڑو میرا ہے جہاں میں کوئی
میں ابھی پکار لوں گا نہیں دور ہے مدینہ

میں مریض مصطفیٰ ﷺ ہوں مجھے چھیڑو نہ طبیبو!
مری زندگی جو چاہو مجھے لے چلو مدینہ

مرے ڈوبنے میں باقی نہ کوئی کسر رہی تھی
کہا ''المدد محمد ﷺ'' تو ابھر گیا سفینہ

سوائے اس کے میرے دل میں کوئی آرزو نہیں ہے
مجھے موت بھی جو آئے تو ہو سامنے مدینہ

کبھی اے شکیلؔ دل سے نہ مٹے خیالِ احمد ﷺ
اسی آرزو میں مرنا اسی آرزو میں جینا

(شکیل)

Marfat.com

# میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ

صل علیٰ نبینا صل علیٰ محمد
صل علیٰ شفیعنا صل علیٰ محمد

مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

دھوم ان کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے
یا رسول اللہ ﷺ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
نعت خوانی موت بھی ہم سے چھڑا سکتی نہیں
قبر میں بھی مصطفیٰ ﷺ کے گیت گاتے جائیں گے
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں

کتنا بڑا ہے مجھ پہ یہ احسان مصطفیٰ ﷺ
کہتے ہیں لوگ مجھ کو ثناء خوانِ مصطفیٰ ﷺ
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

Marfat.com

نعت خوانی کا مزہ نس نس میں ایسا چھا گیا
قبر میں بھی گیت عبید ہم مصطفیٰ ﷺ کے گائیں گے
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

کوئی گفتگو ہو لب پر تیرا نام آ گیا ہے
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آ گیا
جسے پی کے شیخ سعدی بلغ العلیٰ پکارے
میرے دستِ ناتواں میں وہی جام آ گیا
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

جتنا دیا سرکار ﷺ نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ مجھ میں ایسی بات نہیں
تو بھی وہیں پر جا اس در پر سب کی بگڑی بنتی ہے
اک تیری تقدیر جگانا ان کے لیے کچھ بات نہیں
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں

Marfat.com

میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سفر میں گم ہے جبریل امیں کی رسائی
اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداحِ حضور ﷺ
تجھ سے پھر ممکن ہے کب مدحت رسول اللہ ﷺ
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

غم نہیں چھوڑ دے یہ سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا ﷺ تو ہیں سینے سے لگانے کے لیے
بخش دی نعت کی دولت میرے آقا نے مجھے
کتنا پیارا ہے وسیلہ سرکار کو پانے کے لیے
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

سینے میں بھرا ہے تیری نعتوں کا خزانہ
عالم میں لٹاتا ہوں کمائی تیرے در کی

Marfat.com

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی
جنہیں سن کے دل شاد ہوتا رہے گا
خدا اہلِ سنت کو آباد رکھے
محمد ﷺ کا میلاد ہوتا رہے گا
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

آواز عبیدؔ تیری بہ فیضان نعت ہی
سینوں میں عاشقانِ نبی ﷺ کے اتر گئی
مجھ پہ مولا کا کرم ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ ﷺ
میں صدقے یا حبیب اللہ ﷺ

(محمد عبیدؔ رضا قادری)

Marfat.com

# یا محمد ﷺ، یا محمد ﷺ میں کہتا رہا

یا محمد ﷺ، یا محمد ﷺ میں کہتا رہا نور کے موتیوں کی لڑی بن گئی
آیتوں سے ملاتا رہا آیتیں پھر جو دیکھا تو نعت نبی ﷺ بن گئی

کون ہے جو طلب گارِ جنت نہیں یہ بھی مانا کہ جنت ہے باغ حسیں
حسنِ جنت کو جب بھی سمیٹا گیا مصطفیٰ ﷺ کے نگر کی گلی بن گئی

جتنے آنسو بہے میرے سرکار کے سب کے سب ابرِ رحمت کے چھینٹے بنے
ہو گئی رات جب زلف لہرا گئی، جب تبسم کیا چاندنی بن گئی

جب ہوا تذکرہ میرے سرکار ﷺ کا والضحیٰ کہہ دیا والقمر پڑھ لیا
آیتوں کی تلاوت بھی ہوتی رہی نعت بھی ہو گئی بات بھی بن گئی

سب سے صائم زمانے میں کمزور تھا سب سے بیکس تھا بے بس تھا مجبور تھا
میری حالت پہ ان کو رحم آ گیا میری عظمت مری بے بسی بن گئی

(صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# نور والا آیا ہے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰة والسلام علیك یا رسول اللّٰه
الصلوٰة والسلام علیك یا حبیب اللّٰه

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

جب تلک یہ چاند تارے جھلملاتے جائیں گے
تب تلک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے

ان کے عاشق نور کی شمعیں جلاتے جائیں گے
جبکہ حاسد بڑبڑاتے دل جلاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰة والسلام علیك یا رسول اللّٰه
الصلوٰة والسلام علیك یا حبیب اللّٰه

Marfat.com

نعت محبوب خدا ﷺ سنتے سناتے جائیں گے
یا رسول اللہ ﷺ کا نعرہ لگاتے جائیں گے

حشر تک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے
مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ کی دھوم مچاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

چار جانب ہم دیئے گھی کے جلاتے جائیں گے
گھر تو گھر سارے محلے کو سجاتے جائیں گے

ہم ربیع النور میں جھنڈے ہرے لہرائیں گے
ساری گلیاں روشنی سے جگمگاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

عید میلاد النبی ﷺ کی شب چراغاں کر کے ہم
قبر نور مصطفیٰ (ﷺ) سے جگمگاتے جائیں گے

Marfat.com

ہم جلوسِ جشنِ میلاد النبی ﷺ میں جھوم کر
راستے بھر مرحبا کی دھوم مچاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلٰوۃ والسلام علیک یا رسول اللّٰہ
الصلٰوۃ والسلام علیک یا حبیب اللّٰہ

تم کرو جشن ولادت کی خوشی میں روشنی
وہ تمہاری گورِ تیرہ جگمگاتے جائیں گے

دو جہاں کے شاہ ﷺ کی شاہی سواری آ گئی
رحمتوں کے وہ خزانے اب لٹاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلٰوۃ والسلام علیک یا رسول اللّٰہ
الصلٰوۃ والسلام علیک یا حبیب اللّٰہ

آ رہے ہیں شافعِ محشر ﷺ اٹھو اے عاصیو
ہم گنہگاروں کو حق سے بخشواتے جائیں گے

Marfat.com

ہو گئی صبح بہاراں کیف آور ہے سماں
خوش نصیبوں کو وہ اب جلوہ دکھاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیك یا رسول اللّٰہ
الصلوٰۃ والسلام علیك یا حبیب اللّٰہ

صبح صادق ہوگئی سب آمنہ رضی اللہ عنہا کے گھر چلیں
نور کی برسات ہو گئی ہم نہاتے جائیں گے

ذکر میلادِ مبارک کیسے چھوڑیں ہم بھلا
جن کا کھاتے ہیں انہی کے گیت گاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیك یا رسول اللّٰہ
الصلوٰۃ والسلام علیك یا حبیب اللّٰہ

منعقد کرتے رہیں گے اجتماع ذکر و نعت
دھوم ان کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے

کرلو نیت خوب کوشش کرکے ہم اپنا عمل
"مدنی انعامات" پر ہر دم بڑھاتے جائیں گے

Marfat.com

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلٰوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلٰوۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

کر لو نیت سنتوں کی تربیت کے واسطے
قافلوں میں ہم سفر کرتے کراتے جائیں گے

خوب برسیں گی جنازے پر خدا کی رحمتیں
قبر تک سرکار ﷺ کی نعتیں سناتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلٰوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلٰوۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

حشر میں زیرِ لوائے حمد اے عطاؔر ہم
نعتِ سلطانِ مدینہ ﷺ گنگناتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

(مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری)

Marfat.com

# میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِ علیٰ کہتے کہتے

جو اٹھوں تو کہتا اٹھوں یا محمد ﷺ
جو بیٹھوں تو صلِ علیٰ کہتے کہتے

کٹے عمر یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
قضا آئے صلِ علیٰ کہتے کہتے

جئیں مصطفیٰ مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
مریں ہم تو صلِ علیٰ کہتے کہتے

اک آئینہ حق نما بن گیا دل
ترے حسن کو حق نما کہتے کہتے

وہ کہہ دیتے اک بار حافظ کو اچھا
برا کہنے والے برا کہتے کہتے

(حافظ محمد حسین)

Marfat.com

# غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں

غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں
غلامی رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے

جو ہو نہ عشق مصطفیٰ ﷺ تو زندگی فضول ہے
غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں

پڑھیں درود آپ ﷺ پر ملی زباں اسی لئے
فدا ہوں اس کے دین پر ہے تن میں جاں اسی لئے

غلامی رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے
چل اس کے شہر کی طرف یہ دل اگر اداس ہے

عشق اس کی روضے کی جالیوں کے پاس ہے
خدا کی رحمتوں کا اس جگہ نزول ہے

غلامی رسول ﷺ میں موت بھی قبول ہے
غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں

Marfat.com

# شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی
شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ

جلوے ہیں سارے تیرے ہی دم سے
آباد ہے عالم، تیرے ہی کرم سے
باقی ہر اک شے نقشِ خیالی
سارے نبی، تیرے در کے سوالی

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی

تیرے لیے ہی دنیا بنی ہے
نیلے فلک کی چادر تنی ہے
تو اگر نہ ہوتا، دنیا تھی خالی
سارے نبی، تیرے در کے سوالی

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی

Marfat.com

تو نے جہاں کی محفل سجائی
تاریکیوں میں شمع جلائی
کندھے پر تیرے کملی ہے کالی
سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی

مذہب ہے تیرا سب کی بھلائی
مسلک ہے تیرا، مشکل کشائی
دیکھ اپنی امت کی خستہ حالی
سارے نبی، تیرے در کے سوالی

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی

ہے نور تیرا شمس و قمر میں
تیرے لبوں کی لالی سحر میں
پھولوں نے تیری خوشبو چرالی
سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہِ ﷺ مدینہ، شاہِ ﷺ مدینہ
یثرب کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی

Marfat.com

# زمین و زماں تمہارے لیے

زمین و زماں تمہارے لیے
مکین و مکاں تمہارے لیے

چنین و چناں تمہارے لیے
بنے دو جہاں تمہارے لیے

دہن میں زباں تمہارے لیے
بدن میں ہے جاں تمہارے لیے

ہم آئے یہاں تمہارے لیے
اٹھیں بھی وہاں تمہارے لیے

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے یہ شیدا تیرا

کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے یہ شیدا تیرا
اس کی دولت ہے فقط نقش کفِ پا تیرا

پورے قد سے جو کھڑا ہوں تو یہ تیرا ہے کرم
مجھ کو جھکنے نہیں دیتا ہے سہارا تیرا

دست گیری میری تنہائی میں تو نے ہی تو کی
میں تو مر جاتا اگر ساتھ نہ ہوتا تیرا

لوگ کہتے ہیں کہ سایہ تیرے پیکر کا نہ تھا
میں تو کہتا ہوں جہاں بھر پہ ہے سایہ تیرا

میں تجھے عالمِ اشیا میں بھی پالیتا ہوں
لوگ کہتے ہیں کہ ہے عالمِ بالا تیرا

کچھ نہیں سوجھتا جب پیاس کی شدت سے مجھے
چھلک اٹھتا ہے میری روح میں مینہ تیرا

Marfat.com

# کیونکر نہ میرے دل میں ہو الفت رسول ﷺ کی

کیونکر نہ میرے دل میں ہو الفت رسول ﷺ کی
جنت میں لے کے جائے گی چاہت رسول ﷺ کی

چلتا ہوں میں بھی قافلے والو رکو ذرا
ملنے دو مجھے بھی اجازت رسول ﷺ کی

پوچھیں جو دین و ایمان نکیرین قبر میں
اس وقت میرے لب پہ ہو مدحت رسول ﷺ کی

قبر میں سرکار ﷺ آئیں تو میں قدموں میں گروں
گر فرشتے بھی اٹھائیں تو میں ان سے یوں کہوں

اب تو پائے ناز سے میں اے فرشتو کیوں اٹھوں
مر کے پہنچا ہوں یہاں سے دلربا کے واسطے

تڑپا کے ان کے قدموں میں مجھ کو گرا دے شوق
جس وقت ہو لحد میں زیارت رسول ﷺ کی

سرکار ﷺ نے بلا کے مدینہ دکھا دیا!
ہو گی نصیب مجھ کو شفاعت رسول ﷺ کی

Marfat.com

یا رب دکھا دے آج کی شب جلوہ حبیب ﷺ
اک بار تو عطاء ہو زیارت رسول ﷺ کی

جنت تو ان کے صدقے میں مل جائے گی مگر
اے کاش ہو نصیب رفاقت رسول ﷺ کی

تو ہے غلام ان کا عبید رضا تیرے
محشر میں ہو گی ساتھ حمایت رسول ﷺ کی

(محمد عبید رضا قادری)

Marfat.com

# ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل دیئے کوچے بسا دیئے ہیں

جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ ان کی آنکھیں
جلتے بجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں

اک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلا دیئے ہیں

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اٹھتے ہوں گے
اب تو غنی ﷺ کے در پر بستر جما دیئے ہیں

اللہ عزوجل کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفیٰ (ﷺ) نے دریا بہا دیئے ہیں

میرے کریم ﷺ سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں در بے بہا دیئے ہیں

ملکِ سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم
جس سمت آ گئے ہو سکے بٹھا دیئے ہیں

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# ایسا لگتا ہے مدینے جلد وہ بلوائیں گے

ایسا لگتا ہے مدینے جلد وہ بلوائیں گے
جائیں گے جا کر انہیں زخم جگر دکھلائیں گے

وہ اگر چاہیں گے تو ایسی نظر فرمائیں گے
خوب روئیں گے پچھاڑوں پر پچھاڑیں کھائیں گے

موت اب تو گنبد خضرا کے سائے میں ملے!
کب تک آقا ﷺ دربدر کی ٹھوکریں ہم کھائیں گے

اے خوشا تقدیر سے گر ہم کو منظوری ملی!
رکھ کے سر دہلیز پر سرکار ﷺ کی مرجائیں گے

روتے روتے گر پڑیں گے ان کے قدموں میں وہاں
روزِ محشر، شافع محشر ﷺ نظر جب آئیں گے

خلد میں ہو گا ہمارا داخلہ اس شان سے
یا رسول اللہ ﷺ کے نعرے لگاتے جائیں گے

حشر میں کیسے سنبھالوں گا میں اپنے آپ کو
آ میرے عطار آ! جب وہاں فرمائیں گے

ہائے اب کی بار بھی عطارؔ جو زندہ بچے
پھر مدینے سے لاہور روتے روتے آئیں گے

Marfat.com

# دھوم مچا دو آمد کی آ گئے سرکار ﷺ

دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

مچی ہے دھوم پیمبر ﷺ کی آمد آمد کی
حبیب ﷺ ربِّ اکبر کی آمد آمد کی
یہ کس شہنشاہِ والا ﷺ کی آمد آمد ہے
یہ کون سے شہِ ﷺ والا کی آمد آمد ہے
دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

فرشتے آج جو دھومیں مچانے آئے ہیں
انہیں کے آنے کی شادی رچانے آئے ہیں
رسل انہی کا تو مژدہ سنانے آئیں ہیں
انہی کے آنے کی خوشیاں منانے آئے ہیں
دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

یہی تو سوتے ہوؤں کو جگانے آئے ہیں
یہی تو روتے ہوؤں کو ہنسانے آئے ہیں
انہیں خدا نے کیا اپنے ملک کا مالک

Marfat.com

انہی کے قبضے میں رب کے خزانے آئے ہیں
دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

جو چاہیں گے جسے چاہیں گے یہ اسے دیں گے
کریم ہیں یہ خزانے لٹانے آئے ہیں
رؤف ایسے ہیں اور یہ رحیم ہیں اتنے
کہ گرے پڑتوں کو سینے لگانے آئے ہیں
دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

سنو گے ''لا'' نہ زبانِ کریم ﷺ سے نوریؔ
یہ فیض و جود کے دریا بہانے آئے ہیں
دھوم مچا دو، مچا دو دھوم مچا دو آمد کی
آ گئے سرکا ﷺ بولو آ گئے سرکار ﷺ

(مصطفیٰ رضا خان نوریؔ)

Marfat.com

# چل مدینے چلتے ہیں

چھوڑ فکر دنیا کی چل مدینے چلتے ہیں
مصطفیٰ ﷺ غلاموں کی قسمتیں بدلتے ہیں

رحمتوں کی چادر کے سر پہ سائے چلتے ہیں
مصطفیٰ ﷺ کے دیوانے گھر سے جب نکلتے ہیں

صرف ساری دنیا میں وہ ہے کوچۂ احمد ﷺ
جس جگہ پہ ہم جیسے کھوٹے سکے چلتے ہیں

نقش کر لے سینے پر نام سرورِ دیں کا
یہ وہ نام ہے جس سے عذاب ٹلتے ہیں

ذکر شاہِ بطحا کو ورد اب بنا لیجئے
یہ وہ ذکر ہے جس سے غم خوشی میں ڈھلتے ہیں

ان کو کیا ضرورت ہے عطر مشک و عنبر کی
خاک جو مدینے کی اپنے تن پہ ملتے ہیں

سچ ہے غیر کا احساں ہم کبھی نہیں لیتے
اے علیم آقا کے ہم ٹکڑوں پہ پلتے ہیں

(علیم الدین علیم)

Marfat.com

# خوشا جھومتا جا رہا ہے سفینہ

خوشا جھومتا جا رہا ہے سفینہ
پہنچ جائیں گے انشاء اللہ مدینہ

اب آیا اب آیا جدہ کا ساحل
اب آئے گا مکہ چلیں گے مدینہ

میں مکے میں جا کر کروں گا طواف اور
نصیب ہو گا آب زمزم مجھے ہو گا پینا

خدایا مدینہ نظر آئے جوں ہی
تڑپ کر گروں دے دے ایسا قرینہ

نہ کیوں میری قسمت پر رشک آئے مجھ کو
کہاں وہ مدینہ کہاں میں کمینہ

رہے وردِ لب کاش! ہر دم الٰہی
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

نظر نور کی نورِ رب العلیٰ ہو
مرے دل کو چمکا دو میلا نگینہ

مدینے کے والی! کرم ایسا کردو
مجھے نفس و شیطان دبائیں کبھی نا

بچا لیجئے مجھ کو فیشن سے آقا
عطاء کیجئے سنتوں کا خزینہ

Marfat.com

پلا دو مجھے ساقی! جام ایسا
رہوں مست و بے خود میں روز و شبینہ

آپ کے عشق میں کاش! روتا رہوں میں
رہے آپ کی الفت سے معمور سینہ

تو لکھ دے الٰہی! مقدر میں میرے
مدینے میں مرنا مدینے میں جینا

نہیں چاہئے مجھ کو خوشبوئے جنت
مجھے کاش مل جائے ان کا پسینہ

مریض محبت کا دم ہے لبوں پر
سرہانے اب آجاؤ شاہِ مدینہ

بقیع مبارک میں دو گز زمیں دو
خدارا کرم تاجدارِ مدینہ

کہاں کوئی روتا ہے جنت کی خاطر
رلاتی ہے عاشق کو یادِ مدینہ

نگاہوں میں ہر دم مدینہ بسا ہو
مرا ہو یہی حال روز و شبینہ

تڑپتے ہیں روتے ہیں دیوانے آپ کے
جہاں میں جب آتا ہے حج کا مہینہ

ترستے ہیں جو دید طیبہ کی خاطر
دکھا دیجئے نا انہیں بھی مدینہ

پلا دو ہمیں جامِ دیدار ساقی!
کرم تشنہ غلاموں پہ شاہِ مدینہ

Marfat.com

باذنِ الٰہی تری سب خدائی
ہے میخانہ تیرا جام و مینا
تمہیں اے مبلغ! یہ میری دعا ہے
کیے جاؤ طے تم ترقی کا زینہ
تڑپ اٹھے آقا کے دیوانے عطار
مدینے کی جانب چلا جب سفینہ
(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# سارے جگ نالوں لگدیاں چنگیاں

سارے جگ نالوں لگدیاں چنگیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
رہیا مہک دیاں جیویں جنت دیاں کلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

اوہناں گلیاں توں تن من واریئے کریئے سجدے تے شکر گزاریئے
ایتھے نور دیاں سوچیاں نئیں ٹھلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ایہناں گلیاں وچ رہیا سوہنا پھردا سانوں دیکھنے دا چا بڑے چر دا
ایتھے لکیاں میرے نبی دیاں تلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ابر رحمتاں دے سدا ایتھے وسدے جاندے روندے تے آوندے نیں ہسدے
رل ویکھنے نوں سیّاں نیں چلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

پاوے ایہناں گلیاں دا دیدار جو ہو جاوے رحمت دا حق دار او
تر گئے جنہاں تک لیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

Marfat.com

# سبز گنبد کے سائے میں گھر چاہیے

مجھ کو دنیا کی دولت نہ زر چاہیے
شاہ کوثر کی میٹھی نظر چاہیے

ہاتھ اٹھتے ہی بر آئے ہر مدعا
وہ دعاؤں میں مولیٰ اثر چاہیے

عاشقان نبی کے ہے دل کی صدا
سبز گنبد کے سائے میں گھر چاہیے

ذوق بڑھتا رہے اشک بہتے رہیں
مضطرب قلب اور چشم تر چاہیے

رات دن عشق میں تیرے تڑپا کروں
یا نبی! ایسا سوز جگر چاہیے

یا خدا جسم سے جان جب ہو جدا
جلوۂ یار پیش نظر چاہیے

Marfat.com

بس مدینے میں دو گز زمیں دیجئے
اور کچھ نہ شہ بحر و بر چاہئے

ہم غریبوں کو روضے پر بلوایئے
راہ طیبہ کا زادِ سفر چاہئے

اپنے عطّار پر ہو کرم بار بار
اِذن طیبہ کا باردگر چاہئے

(محمد الیاس عطّار قادری)

Marfat.com

# تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے

تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے
جسے دیکھنی ہو جنت وہ مدینہ دیکھ آئے

لو چلا ہوں میں لحد میں میرے مصطفیٰ ﷺ سے کہہ دو
کہ ہو خیر تیری گلی کی مجھے چھوڑنے کو آئے

طیبہ کو جانے والو تجھے دیتا ہوں دعائیں
درِ مصطفیٰ پہ جا کے تو جہاں کو بھول جائے

روضے کے سامنے میں یہ دعائیں مانگتا تھا
میری جاں نکل تو جائے یہ سماں بدل نہ جائے

وہ غمگسار میرا وہ ظہوریؔ یار میرا
کہ میری قبر پہ آ کے جو نعت نبی سنائے

(محمد علی ظہوریؔ رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# عشق کے رنگ میں رنگ جائیں

عشق کے رنگ میں رنگ جائیں جب افکار تو کھلتے ہیں غلاموں پہ وہ اسرار
کہ رہتے ہیں وہ توصیف ثنائے شہہ ابرار میں ہر لحظہ گہر بار
ورنہ وہ سیّد عالی نسبی ہاں وہی اُمی لقبی ہاشمی و مطلبی
و عربی و مدنی و قرشی اور کہاں ہم سے گنہگار
آرزو یہ ہے کہ ہو قلب معطر و مطہر و منور مجلّٰی و مصفّٰی
در اعلیٰ جو نظر آئے کہیں جلوۂ روئے شہہ ابرار
جن کے قدموں کی چمک چاند ستاروں میں نظر آئے جدھر سے
وہ گزر جائے وہی راہ چمک جائے دمک جائے مہک جائے بنے رونق گلزار
سونگھ لوں خوشبوء گیسوئے محمد وہ سیہہ زلف نہیں جس کے مقابل
یہ بنفشہ یہ سیوتی یہ چنبیلی یہ گل لالہ و چمپا کا نکھار
جس کی نکہت پہ ہیں قربان گل برگ ثمن نافہ آہوئے ختن
باد چمن بوئے چمن ناز چمن نور چمن رنگ چمن سارا چمن زار
اک شہنشاہ نے بخشے جو سمر قند و بخارا کسی محبوب کے رخسار کے تل پر
مگر اے سیّد عالم تیری ناموس تیری عظمت پر نثار
اے رسول مدنی! ایک نہیں لاکھوں ہیں قربان کہ عشق کے
ہر کوچہ و بازار میں سر اپنا ہتھیلی پر لیے پھرتے ہیں کرنے کو نثار
یا نبی آپ کا یہ ادنیٰ ثناء خواں در رحمت کا گدا دیتا ہے

Marfat.com

در در یہ صدا چاہتا ہے آپ سے چاہت کا صلہ اپنی زباں میں تاثیر
سن کے سب اہل چمن، اس کا سخن ان کو بھی آجائے حیاء سر ہو
ندامت سے جھکا اور نظر دیکھے وہ اسلاف کی الفت کا نظارہ اک بار
اے ادیب اب یونہی الفاظ کے انبار سے ہم کھیلتے رہ جائیں مگر
حق ثنا گوئی ادا پھر بھی نہ کر پائیں یہ جذبات و زباں وقلم وفکر خیال
اُن کی مدحت تو ملائک کا وظیفہ ہے صحابہ کا طریقہ ہے
عبادت کا سلیقہ ہے یہ خالق کا پسندیدہ ہے قرآن کا ہے اس میں شعار
(ادیب رائے پوری)

Marfat.com

## بولو یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی ﷺ

میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
بولو یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

کوئی گفتگو ہو لب پر تیرا نام آ گیا ہے
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

در مصطفیٰ کا منظر میرے چشم تر کے اندر
کبھی صبح آ گیا ہے کبھی شام آ گیا
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

یہ طلب تھی انبیاء کی رُخ مصطفیٰ کو دیکھیں
یہ نماز کا وسیلہ انہیں کام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

جو سخی ہیں شہر بھر کے وہ گدا ہیں ان کے در کے
کہ کرم کرم کے ہاتھوں یہ نظام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

Marfat.com

وہ شفیع مذنبیں ہیں وہ مجھے بھی بخش دیں گے
سر حشر اس یقین پر یہ غلام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
وہ جو پی کے شیخ سعدی بلغ العلیٰ پکارے
میرے دست ناتواں میں وہ ہی جام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
وہ ادیبؔ جس نے محشر میں بپا کیا ہے محشر
وہ کہیں کہ آؤ دیکھو یہ غلام آ گیا ہے
میری دھڑکن میں یا نبی میری سانسوں میں یا نبی
یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی
(ادیب رائے پوری)

Marfat.com

# حضور آ گئے ہیں

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو! سب عیدیں مناؤ حضور آ گئے
اُٹھو غم کے مارو چلو بے سہارو خبر یہ سناؤ حضور آ گئے ہیں

انوکھے نرالے وہ ذیشاں آئے وہ سارے رسولوں کے سلطان آئے
ارے کج کلا ہو! ارے بادشاہو! نگاہیں جھکاؤ حضور آ گئے ہیں

ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا، اجالا اجالا سویرا سویرا
حلیمہ کو پہنچی خبر آمنہ رضی اللہ عنہا کی مرے گھر میں آؤ حضور آ گئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے فضاؤں میں نغمات صل علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے زبان پر سجاؤ حضور آ گئے ہیں

سماں ہے ثنائے حبیب خدا کا یہ میلاد ہے سرورِ انبیاء کا
نبی کے گداؤ سب اِک دوسرے کو گلے سے لگاؤ حضور آ گئے ہیں

کہاں میں ظہوریؔ کہاں اُن کی باتیں کرم ہی کرم ہیں یہ دن اور راتیں
جہاں پر بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ یہی کہتے جاؤ حضور آ گئے ہیں

(محمد علی ظہوریؔ)

Marfat.com

# طلع البدر علینا

طلع البدر علینا طلع البدر علینا

آئے سرکار مدینہ لائے انوار مدینہ
ہیں قدم بوس رسالت گل و گلزار مدینہ
کندنی رنگ ہے گہرا ہے لباس آج سنہرا
چاندنی رات نے پہنا طلع البدر علینا

لوگو! آواز دو سب کو دیکھ لو قاصد رب کو
روشنی غار حرا کی مل گئی پردۂ شب کو
بارش نجم و قمر ہے آج سے حکم سحر ہے
رات کو رات نہ کہنا طلع البدر علینا

ہاشمی و مطلبی ہے فخر امی و لقبی ہیں
آپ ہی حق کے نبی ہیں دافع تیرہ شبی ہیں
مژدہ ہو نوع بشر کو اب تمنائے سحر کو
کشتۂ شب نہیں رہنا طلع البدر علینا

دل نے پائی مرادیں ان کی راہوں کو سجادیں
گل بچھائے ہیں صباء نے آؤ ہم آنکھیں بچھادیں
چاند اُبھرا ہے لیے آج من ثنیات الوداع آج
وجبت شکر علینا طلع البدر علینا

(صہبا اختر)

Marfat.com

# ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ

ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار کا مدینہ
کیا خوب مہکا مہکا سرکار کا مدینہ

جس کو پسند آیا سرکار کا مدینہ
مل کر لگائیں نعرہ سرکار کا مدینہ

ہر شہر سے ہے اچھا سرکار کا مدینہ
جنت سے بھی سہانا سرکار کا مدینہ

بے کس کا ہے سہارا سرکار کا مدینہ
بے گھر کا ہے ٹھکانہ سرکار کا مدینہ

کہسار دلکشا ہیں صحرا بھی دلربا ہیں
حسن و جمال والا سرکار کا مدینہ

دونوں جہاں سے پیارا کون و مکاں سے پیارا
ہر آنکھ کا تارا سرکار کا مدینہ

Marfat.com

جنت کا حسن سارا اس میں سمٹ کر آیا
ہے حسن ہی سراپا سرکار کا مدینہ

ہر سمت رحمتوں کی برسات ہو رہی ہے
ہے رحمتوں کا دریا سرکار کا مدینہ

فرقت کی آگ میں جو دل کو جلا رہے ہیں
ان کو دکھا خدایا سرکار کا مدینہ

اے زائر مدینہ دل کو سنبھال لینا
دیکھ آگیا مدینہ سرکار کا مدینہ

پیرس پہ مرنے والے پیرس کو بھول جاتا
تو بھی جو دیکھ لیتا سرکار کا مدینہ

طیبہ کی خاک سارے امراض کی دوا ہے
تریاق ہر مرض کا سرکار کا مدینہ

ہے لاکھ لاکھ مولیٰ ہر آن شکر تیرا
اک بار پھر دکھایا سرکار کا مدینہ

پھولوں کو چومتا ہوں کانٹوں کو چومتا ہوں
لگتا ہے مجھ کو پیارا سرکار کا مدینہ

Marfat.com

جی چاہتا ہے میرا ہر شے یہاں کی چوموں
کیسا ہے میٹھا میٹھا سرکار کا مدینہ

میری نظر کو بھائے دنیا کا حسن کیسے!
آنکھوں میں ہے سمایا سرکار کا مدینہ

جنت میں تیری رضواں! سوز و گداز بھی ہے
ہے عشق میں رلاتا سرکار کا مدینہ

یا اللہ! سرکار کے قدموں میں موت دے دے
مدفن بنے ہمارا سرکار کا مدینہ

تقدیر میں خدایا عطّار کے مدینہ
لکھ دے فقط مدینہ سرکار کا مدینہ

(مولانا محمد الیاس عطّار قادری)

Marfat.com

# وہ دن آئے گا اِک بار

وہ دن آئے گا اِک بار میں مدینے جاؤں گا

کرنے روضے کا دیدار میں مدینے جاؤں گا
شاہ مدینہ رحمت عالم نبیوں کے سردار

دیکھئے کب دکھلائیں اپنا نورانی دربار
میں تو ہوں کب سے تیار میں مدینے جاؤں گا

مجھ کو یقین ہے کرم کریں گے آمنہ بی بی کے لال
ان کو تو معلوم ہے یارو! میرے دل کا حال

کہتے ہیں یہ دل کے تار میں مدینے جاؤں گا
دیکھ کے مجھ عاصی کو ان کو آجائے گا پیار

نورانی چادر میں چھپا لیں گے اس دم سرکار
لے کر جب اشکوں کے ہار میں مدینے جاؤں گا

دیکھا نہیں ان کا در اب تک کیا ہو گا انجام
میرے دل کی دھڑکن مجھ کو دیتی ہے پیغام

Marfat.com

مرنے سے پہلے اک بار میں مدینے جاؤں گا
کیا غم ہے کہ جکڑے ہوئے ہے دوری کی زنجیر

مل جائے گی مجھ کو میرے خوابوں کی تعبیر
جس دن چاہیں گے سرکار میں مدینے میں جاؤں گا

غوث و خواجہ لعل قلندر میرے سچے پیر
ان کی نسبت کا سرمایہ ہے میری جاگیر

وہ کر دیں گے بیڑا پار میں مدینے جاؤں گا
جوش و مسرت میں آ آ کر کلیاں کھلیں گی دل کی

ان کا کرم جب ہو گا علیم تو راہوں سے مشکل کی
گر جائے گی ہر دیوار میں مدینے جاؤں گا

(علیم الدین علیم)

Marfat.com

# ربّ محفلاں سجائیاں نیں سرکار واسطے

ربّ محفلاں سجائیاں نیں سرکار واسطے
کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے

رحمت اوہدی نے لے کے اپنی پناہ دے وچ
پائے جدوں میں سوہنے دے دو چار واسطے

دل یاد لئی بنایا اے تعریف لئی زبان
اکھیاں بنائیاں سوہنے دے دیدار واسطے

کئیاں نوں روز ہوندے نیں دیدار آپ دے
کئی ترسدے رہندے نیں سوہنے دے دیدار واسطے

صدقہ نبی دی آل دا بخشے خدا شفا
منگو دعاواں میرے جیئے بیمار واسطے

کس واسطے میں غیر نوں دل وچ بٹھا لواں
ایہہ دل میرا اے احمد مختار واسطے

گزرے نیازی زندگی عشق نبی دے وچ
نعتاں میں پڑھدا رہواں سوہنے من ٹھار واسطے

(عبدالستار نیازی)

Marfat.com

# خوشیاں سبھی مناؤ سرکار آ گئے ہیں

خوشیاں سبھی مناؤ سرکار آ گئے ہیں
قسمت کو جگمگاؤ سرکار آ گئے ہیں

کلیاں خوشی سے دیکھو سب پھول بن گئی ہیں
نعتوں کے گل کھلاؤ سرکار آ گئے ہیں

آنے سے ان کے ہر سو پھیلے ہیں اُجالے
دل کی مراد پاؤ سرکار آ گئے ہیں

گلشن میں ڈالی ڈالی اور پھول جھومتے ہیں
دیوانو مسکراؤ سرکار آ گئے ہیں

ہر شے خوشی سے اب تو سرشار ہو گئی ہے
نعرہ یہی لگاؤ سرکار آ گئے ہیں

ہو ناز کیوں نہ ہم کو ہم ہیں غلام ان کے
قسمت پہ جھوم جاؤ سرکار آ گئے ہیں

تم بھی معینؔ جشن میلاد یوں مناؤ
جھنڈوں سے گھر سجاؤ سرکار آ گئے ہیں

(محمد معینؔ خان قادری)

Marfat.com

## مَوْلَا یَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمٖ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عَرَبٍ وَّمِنْ عَجَمٖ

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِکُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ

یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ
سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمٖ

فَاقَ النَّبِیّٖنَ فِیْ خَلْقٍ وَّفِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْهُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمٖ

وَکُلُّهُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمٖ

Marfat.com

مُنَزَّہٌ عَنْ شَرِیْکٍ فِیْ مَحَاسِنِہٖ
فَجروُ ھَرُ الْحُسْنِ فِیْہِ غَیْرُ مُنْقَسِمٖ

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِیْہِ اَنَّہٗ بَشَرٌ
وَاَنَّہٗ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰہِ کُلِّھِمٖ

ثُمَّ الرِّضَا عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعَنْ عُمَرَ
وَعَنْ عَلِیٍّ وَّعَنْ عُثْمَانَ ذِی الْکَرَمٖ

یَارَبِّ جَمْعًا طَلَبْنَا مِنْکَ مَغْفِرَۃً
وَحُسْنَ خَاتِمَۃٍ یَا وَاسِعَ الْکَرَمِ

یَارَبِّ بِالْمُصْطَفٰی بَلِّغْ مَقَاصِدَنَا
وَاغْفِرْلَنَا مَامَضٰی یَا بَارِئَ النَّسَمَ

(امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

Marfat.com

## حصہ سوم

# مناقب

Marfat.com

Marfat.com

# میں تو پنجتن کا غلام ہوں

میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں مرید خیر الانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
مجھے عشق ہے تو خدا سے ہے مجھے عشق ہے تو رسول سے
میرے منہ سے آئے مہک سدا جو میں نام لوں تیرا بھول سے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

مجھے عشق سروِ ثمن سے ہے مجھے عشق سارے چمن سے ہے
مجھے عشق اُن کی گلی سے ہے مجھے عشق اُن کے وطن سے ہے
مجھے عشق ہے تو علی سے ہے مجھے عشق ہے تو حسن سے ہے
مجھے عشق ہے تو حسین سے مجھے عشق شاہِ زمن سے ہے
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

ہوا کیسے تن سے وہ سر جدا جہاں عشق ہو وہیں کربلا
میری بات انہی ہی کی بات ہے میرے سامنے وہی ذات ہے
وہی جن کو آل نبی کہیں وہی جن کو ذات علی کہیں
وہی پختہ ہیں میں تو خام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں

Marfat.com

میرا شعر کیا میرا ذکر کیا میری بات کیا میری فکر کیا
میری بات اُن کے سبب سے ہے میرا شعر اُن کے ادب سے ہے
میرا ذکر اُن کے طفیل سے میری فکر اُن کے طفیل سے ہے
کہاں مجھ میں اتنی سکت بھلا کہ ہو منقبت کا بھی حق ادا
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں مرید خیر الانام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
میں تو پنجتن کا غلام ہوں میں تو پنجتن کا غلام ہوں
(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

## منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

کھلا میرے دل کی کلی غوثِ اعظم
مٹا قلب کی بے کلی غوثِ اعظم

مرے چاند میں صدقے آجا ادھر بھی
چمک اٹھے دل کی گلی غوثِ اعظم

تیرے رب نے مالک کیا تیرے جد کو
تیرے گھر سے دنیا پلی غوثِ اعظم

کہا جس نے یا غوث اغثنی تو دم میں
ہر آئی مصیبت ٹلی غوثِ اعظم

نہیں کوئی بھی ایسا فریادی آقا
خبر جس کی تم نے نہ لی غوثِ اعظم

مری روزی مجھ کو عطاء کر دے آقا
تیرے در سے دنیا نے لی غوثِ اعظم

نہ مانگوں میں تم سے تو پھر کس سے مانگوں
کہیں اور بھی ہے چلی غوثِ اعظم

صدا گر یہاں میں نہ دوں تو کہاں دوں
کوئی اور بھی ہے گلی غوثِ اعظم

Marfat.com

ترا مرتبہ اعلیٰ کیوں نہ ہو مولیٰ
تو ہے ابن مولا علی غوثِ اعظم

قدم گردن اولیاء پر ہے تیرا
ہے تو ربّ کا ایسا غوثِ اعظم

جو ڈوبی تھی کشتی وہ دم میں نکالی
تجھے ایسی قدرت ملی غوثِ اعظم

ہمارا بھی بیڑا لگا دو کنارے
تمہیں ناخدائی ملی غوث اعظم

تباہی سے ناؤ ہماری بچا دو
ہوائے مخالف چلی غوثِ اعظم

فدا تم پہ ہو جائے نوریؔ مضطر
یہ ہے اُس کی خواہش دلی غوثِ اعظم

(مصطفیٰ رضا نوریؔ)

Marfat.com

# شاہ مرداں شیر یزداں

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار
لافتح الا علی لا سیف الا ذوالفقار

میری کشتی پار لگا دینا میری کشتی پار لگا دینا
اے مولا علی اے شیر خدا میری کشتی پار لگا دینا

پیدا ہوئے اللہ کے گھر میں پائی شہادت مسجد میں
کیا شان تمہاری شیر خدا میری کشتی پار لگا دینا

ولیوں کے سرتاج تمہیں ہو دین نبی کے حامی ہو
اللہ کے پیارے شیر خدا میری کشتی پار لگا دینا

حق نے تمہیں تلوار عطاء کی دختر دی پیغمبر نے
ہیں تم پہ فدا محبوب خدا میری کشتی پار لگا دینا

تم نے سنی فریاد سبھی کی تم نے مدد کی بندوں کی
اب میری بھی سن لو بحر خدا میری کشتی پار لگا دینا

تم نے در خیبر کو اکھاڑا دین کا جھنڈا گاڑ دیا
اسلام کو روشن تم نے کیا میری کشتی پار لگا دینا

جان پڑی مشکل میں پڑی ہے آؤ مدد کو شیر خدا
کہتے ہیں تمہیں سب مشکل کشا میری کشتی پار لگا دینا

Marfat.com

## شکریہ آپ کا بغداد بلایا یا غوث رضی اللہ عنہ

شکریہ آپ کا بغداد بلایا یا غوث!
مجھ گنہگار کو مہمان بنایا یا غوث!

مرتبہ یوں تیرا خالق نے بڑھایا یا غوث!
اولیا کا تجھے سلطان بنایا یا غوث!

یادِ طیبہ سے بسا دیجئے سینہ میرا
میں کراچی سے یہی عرض لایا ہوں یا غوث!

میں نکما تو کسی کام کے قابل نہ تھا
مجھ سے بیکار کو آپ نے ہی نبھایا یا غوث!

یوں تو احسان بہت ہیں جو ہو یہ بھی احسان
اپنے کتوں کا کتا جو بنایا یا غوث!

قلب مردہ کو بھی ٹھوکر سے جلا دو مرشد!
بالیقیں تم نے تو مُردوں کو جلایا یا غوث!

Marfat.com

آفتوں میں ہوں گرفتار مدد کو آؤ
آہ! دنیا کے غموں نے ستایا یا غوث!

لَا تَخَفْ حَشر میں کہتے ہوئے آجانا تم!
جسے دنیا میں یہ ارشاد سنایا یا غوث!

تیرے دامن سے لپٹ کر میں مچل جاؤں گا
مجھ کو جس دم سر محشر نظر آیا یا غوث!

میں جہنم میں نہ اب جاؤں گا انشاء اللہ
رہنما آپ کو جو میں نے ہے بنایا یا غوث!

شاہِ بغداد! ہو عطاؔر پہ نظر رحمت!
خالی کاسہ لئے ہے دور سے آیا یا غوث!

(مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری)

Marfat.com

# سلطانِ اَولیاءؒ کو ہمارا سلام ہو

سلطانِ اولیاء کو ہمارا سلام ہو
جیلاں کے پیشوا کو ہمارا سلام ہو

پیارے حسن، حسین کے ہیں دلبر علی
محبوب. مصطفیٰ ﷺ کو ہمارا سلام ہو

غوث الوریٰ انس و جاں ہمدرد بے کساں
اس دافع بلا کو ہمارا سلام ہو

چھوڑا ہے ماں کا دُودھ بھی ماہِ صیام میں
سرتاجِ القیا کو ہمارا سلام ہو

سب اولیاء کی گردنیں زیرِ قدم ہیں خم
سردار اصفیا کو ہمارا سلام ہو

دل کی جو بات جان لے دشمن ضمیر ہے
اُس مردِ با صفا کو ہمارا سلام ہو

بھٹکے ہوؤں کو راستہ سیدھا دکھا دیا
عالم کے رہنما کو ہمارا سلام ہو

Marfat.com

گرتے سنبھالیں ڈوبتی کشتی ترائیں جو
ملجائے غم زدہ کو ہمارا سلام ہو

سب کی مراد لائے خالی جھولیوں کو بھر
اس مخزن عطاء کو ہمارا سلام ہو

اذنِ خدائے عزوجل پاک سے مُردے جلائے جو
اُس مظہر خدا کو ہمارا سلام ہو

کہہ کے ''لاتخف'' ہمیں بے خوف کر دیا
اس رحمت خدا کو ہمارا سلام ہو

پڑھتے رہو مدح یہ عطاؔر قادری
سلطان اولیاء کو ہمارا سلام ہو

(مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری)

Marfat.com

# سیّد نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں

سیّد نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں
دین محمدی کے گلشن کھلا دیئے ہیں

بولے حسین مولا تیری رضا کی خاطر
ایک ایک کرکے میں نے ہیرے لٹا دیئے ہیں

دین نبی پر واری اکبر نے بھی جوانی
عباس نے بھی اپنے بازو کٹا دیئے ہیں

زینب کے باغ میں بھی دو پھول تھے مہکتے
زینب نے بھی دونوں راہ خدا دیئے ہیں

زہرہ کے ناز پالے پھولوں پہ سونے والے
کربل کی خاک میں وہ ہیرے لٹا دیئے ہیں

بخشش ہے اس کی لازم سیّد کے غم میں حافظؔ
دو چار آنسو رو کر جس نے بہا دیئے ہیں

(حافظ محمد حسین)

Marfat.com

# سرکار غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

سرکار غوثِ اعظم نظر کرم خدارا
میرا خالی کاسہ بھر دو میں فقیر ہوں تمہارا

جھولی کو میری بھر دو ورنہ کہے گی دنیا
ایسے سخی کا منگتا پھرتا ہے مارا مارا

مولا علی کا صدقہ گنج شکر کا صدقہ
میری لاج رکھ لو یا غوث میں فقیر ہوں تمہارا

سب کا کوئی نہ کوئی دنیا میں آسرا ہے
میرا بجز تمہارے کوئی نہیں سہارا

یہ عطائے دستگیری کوئی میرے دل سے پوچھے
وہیں آ گئے مدد کو انہیں جب جہاں پکارا

دامن پسارے در پہ لاکھوں ولی کھڑے ہیں
کہاں رو سیاہ فریدؔی کہاں تیرا آستانہ

(احمد فریدؔی)

Marfat.com

# سلطان کربلا رضی اللہ عنہ کو ہمارا سلام ہو

سلطان کربلا کو ہمارا سلام ہو
جاناںِ مصطفیٰ کو ہمارا سلام ہو

اکبر سے نوجوان بھی رن میں ہوئے شہید
ہم شکل مصطفیٰ کو ہمارا سلام ہو

بھائی، بھتیجے، بھانجے، سب ہو گئے شہید
ہر لعل بے بہا کو ہمارا سلام ہو

اصغر سی ننھی جان پہ لاکھوں ستم ہوئے
معصوم و بے خطاء کو ہمارا سلام ہو

تیغوں کے سائے میں بھی عبادت خدا کی
برہان اولیاء کو ہمارا سلام ہو

عباس نامدار ہیں زخموں سے چور چور
اس پیکر رضا کو ہمارا سلام

ناصؔر ولائے شاہ میں کہتے ہیں بار بار
سلطان کربلا کو ہمارا سلام ہو

(ناصر جمالی)

Marfat.com

# سن لو اے پیروں کے پیر

سن لو اے پیروں کے پیر غوث الاعظم دستگیر
بدلو میری بھی تقدیر غوث الاعظم دستگیر
یا غوث الاعظم المدد، پیرانِ پیر المدد، روشن ضمیر المدد

میں ہوں تمہارے در کا بھکاری اے شاہ بغداد
واسطہ تم کو پیارے نبی کا سن لو میری فریاد
توڑو گردش کی زنجیر غوث الاعظم دستگیر

در سے اپنے تم نے کسی منگتے کو نہیں ہے ٹالا
آل نبی کا صدقہ تم نے جھولی میں ہے ڈالا
بڑے پیر بے نظیر غوث الاعظم دستگیر

غوث پیا جیلانی تمہاری شان پہ میں قربان
میں بھی تمہارے در پہ آؤں دل میں ہے ارمان
دے دو خوابوں کی تعبیر غوث الاعظم دستگیر

اپنی محفل میں آ کر اب جلوے سب کو دکھانا
قادری سارے جھوم رہے ہیں سب کے بھاگ جگانا
آؤ اے پیرانِ پیر غوث الاعظم دستگیر

غوث پیا یہ ادنیٰ کمالؔ اب اپنی مرادیں پائے
در پہ تمہارے حاضری دے دے اور مدینے جائے
کر دو کچھ ایسی تدبیر غوث الاعظم دستگیر

یا غوث الاعظم المدد، پیرانِ پیر المدد، روشن ضمیر المدد

Marfat.com

# جیئے شاہ نورانی جیئے شاہ نورانی

جیئے شاہ نورانی جیئے شاہ نورانی
تم ہو پیارے نبی کی نشانی

کوئی سنتا نہیں ہے فسانہ ہو گیا ہے مخالف زمانہ
سن لو تم میرے غم کی کہانی جیئے شاہ نورانی

کھاتے پھرتے ہیں در در کی ٹھوکر رحم کر دو محمد کے دلبر
ہم پہ کرم کر دیجئے مہربانی جیئے شاہ نورانی

جو بھی دل میں ذرا شک کرے گا وہ جہنم میں جا کر جلے گا
آپ کی بات جس نے نہ مانی جیئے شاہ نورانی

رو رو کہتا ہے منگتا جیئے شاہ اب تو در پہ بلا لو جیئے شاہ
میری فرقت میں کٹ گئی جوانی جیئے شاہ نورانی

لاج رکھ لو سب کی خدارا ہو فنا پر بھی رحمت کا سایہ
تم کو آتی ہے قسمت بنانی جیئے شاہ نورانی

Marfat.com

## حصہ چہارم

# کلام
# و
# الصلوٰۃ والسلام

Marfat.com

Marfat.com

# کلام میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ

اوّل حمد ثناء الٰہی جو مالک ہر ہر دا
اس دا نام چتارن والا کسے میدان نہ ہر دا

جے میں ویکھا عملاں ولے تے کج نئیں میرے پلے
جے میں ویکھاں تیری رحمت ولے تے بلے بلے بلے

عدل کریں تے تھر تھر کنبن اُچیاں شاناں والے
جے فضل کریں تے بخشے جاون میں جئے وی منہ کالے

عملاں والے لنگھ جاندے کون لنگھائے مینوں
پار چڑھاں جے رحمت تیری ہتھ بھیڑائے مینوں

لکھ وار میں توبہ کیتی تے میں ہے بے اعتبارا
فیروی مولا فضل تیرے تے آساں رکھن والا

بھاویں میں لکھ گناہی آخر بندہ تیرا
میں عاجز تے کرم کماویں تیرا فضل بتھیرا

سارے آکھن تیرا تیرا میں وی اکھاں تیرا
ایویں تے مولا گل نئیں بندی کدی تے کہہ چھڈ میرا

Marfat.com

اک گناہ میرا ماں پیو ویکھے تے دیوے دیس نکالا
لکھ گناہ میرا مالک ویکھے جیہڑا پردے پاون والا

ہجر تیرا جے پانی منگے تے میں کھوہ نیناں دے گیڑاں
جی کردا اے آج کول بٹھا کے تے درد پرانے چھیڑاں

رحمت دا دریا الٰہی ہر دم وگدا تیرا
جے اک قطرہ مینوں بخشے کم بن جاوے میرا

مالی دا کم پانی دینا بھر بھر مشکاں پاوے
مالک دا کم پھل پھل لانا لاوے یا نہ لاوے

Marfat.com

# کلام حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ

الف اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ہُو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ہُو
اندر بوٹی مشک مچایا جان پھلن تے آئی ہُو
جیوے مرشد کامل باہُو جس ایہہ بوٹی لائی ہُو

ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ہُو
منگن ایمان شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ہُو
جس منزل نوں عشق پچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہُو
میرا عشق سلامت رکھیں باہُو ایمانوں دیاں دھرو کی ہُو

ایہہ تن میرا چشمہ ہووے تے میں مرشد ویکھ نہ رجاں ہُو
لوں لوں دے مڈھ لکھ لکھ چشماں ہک کھولاں ہک کجاہُو
اتنا ڈٹھیاں منوں صبر ناں آوے میں ہو کدے ول بھجاں ہُو
مرشد دا دیدار ہے باہو مینوں لکھ کروڑاں حجاں ہُو

بغداد شہر دی کی اے نشانی اچیاں لمیاں چیراں ہُو
تن من میرا پرزے پرزے جویں درزی دیا لیراں ہُو
اینہاں لیراں دی گل کفنی پا کے رلساں سنگ فقیراں ہُو
بغداد شہر دے ٹکڑے منکساں باہو کرساں میراں میراں ہُو

Marfat.com

ب بسم اللہ اسم .اللہ دا ایہہ وی کہناں بھارا ہو
نال شفاعت سرورِ عالم چھڈ سی عالم سارا ہو
حدوں بے حد درود نبی تے جیندا ایڈ پسارا ہو
میں قربان انہاتوں باہو جنہاں ملیا نبی سہارا ہو

جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایا ہو
سنیا سخن گیاں کھل اکھیاں اساں چت مولا ول لایا ہو
کیتی جان حوالے رب دے اساں ایسا عشق کمایا ہو
مرن تو اگے مر گئے باہو تاں مطلب نوں پایا ہو

چڑھ چناں تے کر رشنائی تیرا ذکر کر بندے تارے ہو
گلیاں دے وچ پھرن نمانے بھلاندے رنجارے ہو
شالا مسافر کوئی نہ تھیوے ککھ جنہاں توں بھارے ہو
تاڑی مار اڑاوٗ نال باہو اساں آپے اڑن ہارے ہو

دل دریا سمندروں ڈونگے کون دلاں دیاں جانے ہو
وچے بیڑے وچے جھیڑے وچے ونجھ موہانے ہو
چوداں طبق دل دے اندر جتھے عشق تمبو وچ تانے ہو
جو دل دا محرم ہووے باہُو سوئی رب پچھانے ہو .

سن فریاد پیراں دیا پیرا عرض سنیں کن دھر کے ہو
بیڑا اڑیا میرا وچ کپھران دے جتھے مچھ نہ بہندے ڈر کے ہو
شاہ جیلانی محبوب سبحانی میری خبر لو جھٹ کر کے ہو
پیر جنہاندے میراں باہو اوہی کنڈے لگدے تر کے ہو

میں کوجھی میرا دلبر سوہنا میں کیونکر اس نوں بھانواں ہو
ویہڑے ساڈے وڑدا ناہیں لکھ وسیلے پانواں ہو
ناں میں سونی ناں دولت پلے کہوں کر یار مناواں ہو
ایہہ دکھ ہمیشاں رہیسی باہو روندی ہی مرجاواں ہو

Marfat.com

جے کر دین علم وچ ہنودا نال سر نیزے کیوں چڑھدے ہُو
اٹھاراں ہزار جو عالم آیا رہ آ گئے جس ولے مردے ہُو
جس کچھ ملا خط سرور دا کردے نال خیمے تنبو کیوں سڑدے ہُو
جے کرنے والے بیعت رسولی تاں پانی کیوں بند کردے ہُو
پیر صادق دین تناندا باہو جو سر قربانی دھر دے ہُو

ہسن ولے کے روون لئی تینوں دتا کس دلاسا ہُو
عمر بندے دی اینویں دہائی جویں پانی وچ پتاسا ہُو
سوڑی اسامی سٹ کھتے سن پلٹ نہ ہلیس پاسا ہُو
تیتھوں صاحب بکھیا منکسی باہو رتی گھٹ نہ ماسا ہُو

Marfat.com

# مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہر یار ارم تاجدارِ حرم
نو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام

شب اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اُس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

جس کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی
ان بھنوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آ گیا
اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اُس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس کو بار دو عالم کی پرواہ نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

کُل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اُس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اُس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن
اُس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

اس بتول جگر پارۂ مصطفیٰ
جملہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام

سیدہ زاہدہ طیبہ طاہرہ
جانِ احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام

وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا
اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

جس کے دشمن پہ لعنت ہے اللہ کی
اُن سب اہلِ محبت پہ لاکھوں سلام

وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اُس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

غوثِ اعظم امام التقیٰ والنقیٰ
جلوۂ شان قدرت پہ لاکھوں سلام

شیر شمشیر زن شاہ خیبر شکن
پر تو دست قدرت پہ لاکھوں سلام

جس کی منبر ہوئی گردن اولیا
اُس قدم کی کرامت پہ لاکھوں سلام

حضرت حمزہ شیر خدا و رسول
زینتِ قادریت پہ لاکھوں سلام

بے عذاب و عتاب و حساب و کتاب
تا ابد اہلِ سنت پہ لاکھوں سلام

میرے استاد ماں باپ بھائی بہن
اہل ولد و عِشرت پہ لاکھوں سلام

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور
بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درود

کعبہ کے بدر الدجیٰ تم پر کروڑوں درود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
شافع روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود
دفاع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود
اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود
دل کرو ٹھنڈا میرا وہ کف پا چاند سا
سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود
وہ شب معراج راج وہ صفِ محشر کا تاج
کوئی بھی ایسا ہوا تم پہ کروڑوں درود
تم سے کھلا باب جود تم سے ہے سب کا وجود
تم سے ہے سب کی بقا تم پہ کروڑوں درود
گرچہ ہیں بے حد قصور تم ہو عفو غفور
بخش دو جرم و خطا تم پہ کروڑوں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروڑوں درود
تم ہو شفائے مرض خلق خدا خود عرض
خلق کی حاجت بھی کیا تم پہ کروڑوں درود
خلق تمہاری جمیل خلق تمہارا جلیل
خلق تمہاری گدا تم پہ کروڑوں درود

Marfat.com

طیبہ کے ماہِ تمام جملہ رسل کے امام
نوشۂ ملکِ خدا تم پہ کروڑوں درود

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں درود
تم پہ کروڑوں ثنا تم پہ کروڑوں درود

جائیں نہ جب تک غلام خُلد ہے سب پر حرام
ملک تو ہے آپ کا تم پہ کروڑوں درود

مظہر حق ہو تمہیں مظہر حق ہو تمہیں
تم ہے ظاہر خدا تم پہ کروڑوں درود

برسے کرم کی بھرن پھولیں نعم کے چمن
ایسی چلا دو ہوا تم پہ کروڑوں درود

ایک طرف اعلائے دیں ایک طرف حاسدین
بندہ ہے تنہا شہا تم پہ کروڑوں درود

باٹ نہ در کے کہیں گھاٹ نہ گھر کے کہیں
ایسے تمہیں پالنا تم پہ کروڑوں درود

اپنے خطا واروں کو اپنے ہی دامن میں لو
کون کرے یہ بھلا تم پہ کروڑوں درود

کر کے تمہارے گناہ مانگیں تمہاری پناہ
تم کہو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود

ہم نے خطاء میں نہ کی تم نے عطاء میں نہ کی
کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درود

کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے
ٹھیک ہو نام رضا تم پہ کروڑوں درود

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# یا نبی سلام علیک

یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
ہو مبارک اہلِ عصیاں ہو گیا بخشش سامان
آ گئی صبح بہاراں ہو گیا گھر گھر چراغاں
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
جشن میلاد النبی ہے نور کی چادر تنی ہے
روشنی ہی روشنی ہے ہر طرف یہ دھوم مچی ہے
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
تم حبیب کبریا ہو اور امام الانبیاء ہو
دو جہاں کے پیشوا ہو شافعِ روزِ جزا ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
مرض عصیاں کو مٹانا نیک مجھ کو تم بنانا
راہِ سنت پر چلانا اپنی الفت میں گمانا
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
آخری لمحے جب آئیں کاش! وہ تشریف لائیں

Marfat.com

اپنے جلووں میں گمائیں جھوم کر ہم گنگنائیں
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
رحمتوں کے تاج والے دو جہاں کے راج والے
عاصیوں کی لاج والے عرش کی معراج والے
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
کاش حاصل ہو حضوری دور ہو جائے یہ دوری
دیکھ لوں وہ شکل نوری دل کی حسرت ہو پوری
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
تم شفیع المذنبیں ہو سرور دنیا و دیں ہو
صادق الوعدو امیں ہو رحمۃ اللعالمین ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
جان کر کافی سہارا لے لیا ہے در تمہارا
خلق کے وارث خدارا لو سلام اب تو ہمارا
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک
مصطفیٰ خیرالوریٰ ہو سرور ہر دوسرا ہو
اپنے اچھوں کا تصدق ہم بدوں کو بھی نبھا ہو
یا نبی سلام علیک یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

# صلوٰۃ والسلام

یا نبی سلام علیک
یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک
صلواۃُ اللہ علیک
ہو مبارک اہل عصیاں
ہو گیا بخشش کا ساماں
آ گئی صبح بہاراں
ہو گیا گھر گیر چراغاں
یا نبی سلام علیک
جشن میلاد النبی ﷺ ہے
نور کی چادر تنی ہے
روشنی ہی روشنی ہے
ہر طرف یہ دُھوم مچی ہے
یا نبی سلام علیک
آج ہے صبح بہاراں
جھومتے ہیں سب مسلماں
گھر ہو چکا ہے ابرِ باراں
رحمتوں سے بھر دو داماں
یا نبی سلام علیک

Marfat.com

آمنہ رضی اللہ عنہا بی بی کے گھر پر
آ گیا نبیوں کا افسر
جھک گیا ہے کفر کا سر
پڑ گئی ہے دُھوم گھر گھر

یا نبی سلام علیك

آمنہ رضی اللہ عنہا بی بی کے دُلارے
اے دُکھی دِل کے سہارے
کون ہے جو کہ سنوارے
میرے بگڑے کام سارے

یا نبی سلام علیك

تم مکین لامکاں ہو
اور حق عزوجل کے رازداں ہو
اِذنِ ربّ سے غیب داں ہو
کیا ہے جو تم سے نہاں ہو

یا نبی سلام علیك

اوّل و آخر تم آقا صلی اللہ علیہ وسلم
باطن و ظاہر تم آقا صلی اللہ علیہ وسلم
حاضر و ناظر تم آقا صلی اللہ علیہ وسلم
طیب و طاہر تم آقا صلی اللہ علیہ وسلم

یا نبی سلام علیك

Marfat.com

آپ سلطانِ جہاں ہیں
درد مند بے کساں ہیں
چارۂ بے چارگاں ہیں
بے اَمانوں کی اَماں ہیں

یا نبی سلام علیک

تم حبیب کبریا ہو
اور امام الانبیا ہو
دو جہاں کے پیشوا ہو
شافع روز جزا ہو

یا نبی سلام علیک

یا حبیب ربّ عزوجل داوَر
از پئے صدیق اکبر
اور عمر عثمان و حیدر
چشم تر دو قلب مُضطر

یا نبی سلام علیک

واسطہ غوث الوریٰ کا
حضرت احمد رضا کا
اور مرے مرشد پیا کا
رُخ بدل دو ہر بلا کا

یا نبی سلام علیک

Marfat.com

حُبِّ دُنیا سے بچا لو
دل سے شیطاں کو نکالو
اپنا دیوانہ بنا لو
مجھ کمینے کو نبھالو

یا نبی سلام علیک

مرضِ عصیاں کو مٹانا
نیک مجھ کو تم بنانا
راہِ سنت پر چلانا
اپنی اُلفت میں گمانا

یا نبی سلام علیک

سلطنت دو نہ حکومت
کچھ نہ دو دُنیا کی دولت
دو فقط اپنی محبت
اے شہنشاہ ﷺ رِسالت

یا نبی سلام علیک

رحمۃ للعٰلمین ہو
اور شفیع المذنبین ہو
فضل ربّ سے کیا نہیں ہو
بعد ربّ کے بس تمہیں ہو

یا نبی سلام علیک

Marfat.com

تم مدینے میں بلانا
پھر مجھے جلوہ دکھانا
اور سینے سے لگانا
اپنے قدموں میں سُلانا

یا نبی سلام علیک

اے شہنشاہ مدینہ
عرض کرتا ہے کمینہ
لب پہ ہو روز و شبینہ
بس! مدینہ ہی مدینہ

یا نبی سلام علیک

رحمۃ اللعالمین
ہو عطاء ایسا قرینہ
دیکھ کر میٹھا مدینہ
عشق میں پھٹ جائے سینہ

یا نبی سلام علیک

جانکنی کے وقت دِلبر
کاش دیکھوں رُخِ انور
دیکھتے ہی جاں نچھاور
تم پہ کر دُوں کاش! سرور

یا نبی سلام علیک

Marfat.com

اے مدینے والے آقا
جتنے ہیں متوالے آقا
سب کے سن لے نالے آقا
سب کو بُلوا لے آقا

یا نبی سلام علیک

آخری لمحے جب آئیں
کاش وہ تشریف لائیں
اپنے جلوؤں میں گمائیں
جھوم کر ہم گنگنائیں

یا نبی سلام علیک

گنبد خضرا تمہارا
کس قدر ہے پیارا پیارا
کاش کرتے ہی نظارہ
جان و دِل کر دوں نثار

یا نبی سلام علیک

قبر میں ہو جبکہ آنا
تم وہاں تشریف لانا
چہرہ روشن دِکھانا
گورِ تیرہ جگمگانا

یا نبی سلام علیک

Marfat.com

اَلاماں ہنگام محشر
پیاس کی شدت سے سرور ﷺ
جب زبانیں آئیں باہر
تم پلانا جام کوثر

یا نبی سلام علیک

حشر میں سرکار ﷺ آنا
میرے عیبوں کو چھپانا
اپنے ربّ عزوجل سے بخشوانا
ساتھ جنت میں بسانا

یا نبی سلام علیک

آہ عطار حزیں ہو
اور مدینے کی زمیں ہو
اُس کا وقت واپسی ہو
اور سرہانے بس تمہیں ہو

یا نبی سلام علیک

حشر میں عطار آئیں
آپ اُن پہ رحم کھائیں
پیار سے سینے لگائیں
اور ربّ عزوجل سے بخشوائیں

یا نبی سلام علیک

(مولانا محمد الیاس عطار قادری)

Marfat.com

# اے بیابانِ عرب تیری بہاروں کو سلام

اے بیابانِ عرب تیری بہاروں کو سلام
تیرے پھولوں کو ترے پاکیزہ خاروں کو سلام

جبلِ نور و جبلِ ثور اور ان کے غاروں کو سلام
نور برساتے پہاڑوں کی قطاروں کو سلام

جھومتے ہیں مسکراتے ہیں مغیلانِ عرب
خوبصورت وادیوں کو رہگزاروں کو سلام

رات دن رحمت برستی ہے جہاں پر جھوم کر
ان طواف کعبہ کے رنگیں نظاروں کو سلام

دوڑ کر دیوارِ کعبہ سے جو لپٹے ہیں وہاں
اُن سبھی دیوانوں سارے بے قراروں کو سلام

حجرِ اسود، باب و میزاب و مقام ملتزم
اور غلاف کعبہ کے رنگیں نظاروں کو سلام

رُکن شامی اور عراقی اور یمانی پر درودِ
جگمگاتے نور برساتے میناروں کو سلام

Marfat.com

خوب چومے ہیں قدم ثور و حرا نے شاہ کے
مہکے مہکے پیارے پیارے دونوں غاروں کو سلام

دونوں بچوں کا بھی حملہ خوب تھا ابوجہل پر
بدر کے اُن دونوں ننھے جاں نثاروں کو سلام

جگمگاتے گنبدِ خضریٰ پہ ہوں روشن درود
مسجدِ نبوی کے نورانی میناروں کو سلام

منبر و محراب جاناں اور سنہری جالیاں
سبز گنبد کے مکیں کو دونوں پیاروں کو سلام

جس جگہ پر آ کے سوئے ہیں صحابہ دس ہزار
اس بقیعِ پاک کے سارے مزاروں کو سلام

غسلِ کعبہ کا بھی منظر کس قدر پُرکیف ہے
جھوم کر کہتا ہے عطّار ان نظاروں کو سلام

(مولانا محمد الیاس عطّار قادری)

Marfat.com

# معرفت اسم محمد ﷺ

حضور نبی کریم ﷺ کے اسم مبارک
کے معارف وفضائل

ترتیب و تحقیق

**محمد متین خالد**

قیمت :-/150 روپے     صفحات: 264

## علم وعرفان پبلشرز

34- اُردو بازار، لاہورفون: 042-7352332-7232336

Marfat.com

# مرا پیمبر ﷺ عظیم تر ہے

عشق رسول ﷺ میں ڈوبی ہوئی ایمان افروز
نعتوں کا بہترین انتخاب

ترتیب وتحقیق

**محمد متین خالد**

قیمت:-/150 روپے　　صفحات: 238

دوکلر میں بہترین طباعت

علم وعرفان پبلشرز

34-اُردو بازار، لاہور فون: 042-7352332-7232336

Marfat.com

# صلی علیٰ کہتے کہتے

پاکستان کے معروف نعت خواں

## عبدالرؤف روفی

کی بہترین نعتیں

مرتب

## مسعود مفتی

قیمت :-/75 روپے صفحات: 144

علم وعرفان پبلشرز

34- اُردو بازار، لاہور فون: 042-7352332-7232336

Marfat.com

Marfat.com

## ادارے کی بہترین نعتیہ کُتب



















# عِلم و عرفان پبلشرز

34۔ اردو بازار، لاہور، فون: 7352332-7232336
www.ilmoirfanpublishers.com. E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com


Marfat.com